ABC CERTIFIED

لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں

تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان

DAILY AWAMI MOHABBAT

روزنامہ

عوامی محبت

قصور، پاکستان

عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز

چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر

سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس

جلد نمبر 20 | منگل 8 جمادی الاول، 1448ھ 20 اکتوبر 2026ء، 6 کاتک 2080ب | شمارہ نمبر 117

آئی ای ڈی کے دھماکے میں میجر وجاہت وحید نے جامِ شہادت نوش کیا، عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا

بلوچستان سیکیورٹی فورسز کی کارروائی

4 دہشتگرد ہلاک، میجر وجاہت وحید شہید

صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کا بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

میجر وجاہت وحید نے وطنِ عزیز کی حفاظت کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، قوم کو اپنے اس بہادر سپوت پر فخر ہے، دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا، آصف زرداری، شہباز شریف

راولپنڈی/اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں چار دہشتگرد مارے گئے، پاک فوج کے میجر وجاہت وحید نے جامِ شہادت نوش کیا جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر1)

وقت بدل جائے گا، آج آپ کے پاس طاقت ہے، معلوم نہیں کل رہے یا نہیں، کامران مرتضیٰ

پی ٹی آئی کا وقت گزر گیا، وہ بھی ڈیزل ڈیزل کہتے تھے، اختلافات ہوتے ہیں، ذات تک نہیں جانا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ وقت بدل جائے گا، آج آپ کے پاس طاقت ہے، معلوم نہیں کل رہے گی یا نہیں۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

ایکسکین لیسکو مرید کے ملک رب یار قتل کیس میں لیسکو اہلکاروں سمیت چار ملزمان گرفتار

مرکزی ملزم اسسٹنٹ لائن مین رانا عدیل کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، پولیس

مرید کے (سٹاف رپورٹر) 30 ستمبر کو اپنی سالگرہ کے دن مرید کے دفتر سے گھر جاتے جی ٹی روڈ منوں آباد کے قریب ٹارگٹ ہونے والے ایکسکین لیسکو مرید کے ملک رب یار کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

فیلڈ مارشل سے جی ایچ کیو میں سعودی سفیر کی ملاقات

پاکستان میں سعودی عرب کے نئے سفیر نے جی ایچ کیو میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس دوران باہمی دلچسپی امور اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

فیلڈ مارشل سے ہونے والی ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں سعودی عرب کے نئے سفیر نے جی ایچ کیو میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی، آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نے جی ایچ کیو راولپنڈی کا دورہ کیا جس دوران فیلڈ مارشل سے ہونے والی ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں، نواز شریف

جو بھی دہشت گردی کر رہے ہیں، انہیں چھوڑنا نہیں چاہیے، سابق وزیراعظم کی میڈیا سے گفتگو

پاک فوج کی قربانیوں سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے

پریس میڈیا گفتگو کے دوران پاک فوج کی قربانیوں سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ نواز شریف نے کہا کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

لندن (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں، ہمارے فوجی بڑی دلیری کے ساتھ لڑ رہے ہیں۔ ایون فیلڈ سے روانگی کے موقع

حرمین شریفین کا تحفظ اولین ترجیح، مقدس مقامات پر حملوں پر عسکری قیادت میں شدید غم و غصہ ہے، ترجمان پاک فوج

حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں ہو سکتا

ترجمان پاک فوج

سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، مذاکرات میں ناکامی اور تصادم کی صورت میں مکہ دفاعی اتحاد حرکت میں آئے گا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

مشرقِ وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری



ڈیرہ غازی خان: وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، مشرق وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 37 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملتان میں تیز رفتار کار حادثے کا شکار، 5 افراد جاں بحق

تیز رفتار کار بے قابو ہو کر پہلے ڈیوائیڈر سے ٹکرائی اور پھر خالی پلاٹ کی دیوار سے جا ٹکرائی

ملتان (سٹاف رپورٹر) ملتان کے بوسن روڈ پر تیز رفتاری کے باعث پیش آنے والے ٹریفک حادثے میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق تیز رفتار کار بے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

وزیراعظم کی ایف آر حالات اصلاحات تیز کرنے کی ہدایت

بدعنوانی اور ناقص کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھنے والوں کیلئے ادارے میں کوئی جگہ نہیں ہوگی، وزیراعظم

ایف بی آر میں بدعنوان عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا اپنے رویے اور کارکردگی میں بہتری لانے والے افسران اور عملے کو اصلاح کا موقع دیا جائے۔

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ایف بی آر میں جاری اصلاحات کے ابتدائی نتائج پر حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے ادارے میں اصلاحات کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ ایف بی آر میں بدعنوان عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا اپنے رویے اور کارکردگی میں بہتری لانے والے افسران اور عملے کو اصلاح کا موقع دیا جائے۔ وزیراعظم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)



فیلڈ مارشل عاصم منیر سے سعودی سفیر عہدہ سنبھالنے کے بعد ملاقات کر رہے ہیں

آئندہ سال بجلی چوری والے فیڈرز کے بجائے سفارمرز پر لوڈشیڈنگ ہوگی

اویس لغاری

وزیراعظم کی جانب سے ڈی جی خان ایئرپورٹ کو بین الاقوامی پروازوں کے لئے اپ گریڈ کرنے کے اعلان پر کام شروع

ساڑھے پانچ ارب روپے کی لاگت سے ایئرپورٹ کا توسیعی منصوبہ جنوری 2028 میں مکمل کیا جائے گا، سردار اویس لغاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے ڈی جی خان ایئرپورٹ کو بین الاقوامی پروازوں کے لئے اپ گریڈ کرنے کے اعلان پر کام شروع ہو چکا ہے، ساڑھے پانچ ارب روپے کی لاگت سے ایئرپورٹ کا توسیعی منصوبہ جنوری 2028 میں مکمل کیا جائے گا۔ ڈی جی خان ایئرپورٹ کے توسیعی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چھاتی کے سرطان کی علامات اور احتیاطی تدابیر بارے آگاہی عام کرنے کی ضرورت ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے چھاتی کے سرطان سے بچاؤ اور بروقت تشخیص کے لئے عوامی شعور اجاگر کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی بروقت تشخیص، موثر علاج اور خواتین کی صحت کے تحفظ کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم (کل) لاہور میں منعقد ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

اسلام آباد ہائیکورٹ، ضبط شدہ سونے کی اینٹیں واپس نہ کرنے پر کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری

2 ہفتوں میں جواب طلب، اسمگلنگ ثابت ہونے تک سونا ضبط نہیں کیا جا سکتا، درخواست گزار کا مؤقف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ضبط شدہ سونے کی اینٹیں واپس نہ کرنے پر کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ ضبط شدہ سونے کی اینٹوں کی واپسی سے متعلق کیس کی سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہوئی جس دوران عدالت نے سونے کی اینٹوں کے عوض تقریباً 48 لاکھ روپے کی ادائیگی کی پیشکش پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری اور 2 ہفتوں میں جواب طلب کر لیا۔ جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس ارباب محمد طاہر پر مشتمل ڈویژن بینچ نے کیس سے متعلق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

ایس ایم ایز کے قرضوں میں 33 فیصد اضافہ، فنانسنگ 943 ارب روپے تک پہنچ گئی

چھوٹے اور درمیانے کاروباری اداروں کیلئے قرضوں کی فراہمی بڑھانے کی غرض سے فنانسنگ کا ہدف ڈیڑھ کھرب روپے مقرر

کراچی (سٹاف رپورٹر) ملک میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کیلئے قرضوں کی فراہمی میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ فنانسنگ ڈیٹا کے مطابق سال 2026 کی دوسری سہ ماہی میں ایس ایم ایز کو فراہم کیے گئے قرضوں کا حجم 943 ارب روپے تک پہنچ گیا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 33 فیصد زیادہ ہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق چھوٹے اور درمیانے کاروباری اداروں کیلئے قرضوں کی فراہمی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)



وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی قطر میں گلوبل سیکیورٹی فورم سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم کی ایف آر حالات اصلاحات تیز کرنے کی ہدایت

بدعنوانی اور ناقص کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھنے والوں کیلئے ادارے میں کوئی جگہ نہیں ہوگی، وزیراعظم

ایف بی آر میں بدعنوان عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا اپنے رویے اور کارکردگی میں بہتری لانے والے افسران اور عملے کو اصلاح کا موقع دیا جائے۔

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ایف بی آر میں جاری اصلاحات کے ابتدائی نتائج پر حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے ادارے میں اصلاحات کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ ایف بی آر میں بدعنوان عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا اپنے رویے اور کارکردگی میں بہتری لانے والے افسران اور عملے کو اصلاح کا موقع دیا جائے۔ وزیراعظم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے سعودی سفیر عہدہ سنبھالنے کے بعد ملاقات کر رہے ہیں

مکہ دفاعی معاہدہ امن اور دفاع کا معاہدہ ہے، محسن نقوی

امیر قطر اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے امن کیلئے 16،16 گھنٹے کام کیا: وزیر داخلہ

پاکستان خود دہشت گردی کا شکار ملک ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے طویل عرصے سے اقدامات کرتا آ رہا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ مکہ دفاعی معاہدے کا مقصد جنگ نہیں بلکہ امن اور دفاع ہے، پاکستان اس معاہدے کے تحت خطے میں امن کا خواہاں ہے اور یہ معاہدہ علاقائی سلامتی کے لیے پاکستان کے عزم کی مثال ہے۔ قطر میں گلوبل سیکیورٹی فورم سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں قربانیاں دی ہیں اور کئی برسوں تک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)



لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کا دن منایا گیا

پاکستانی خواتین کو بھی مرض سے شدید خطرات، ہر 9 میں سے ایک خاتون چھاتی کے سرطان کے خطرے سے دوچار ہے، رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کا دن منایا گیا۔ دنیا بھر کی طرح پاکستانی خواتین میں بھی یہ مرض عام ہے، پاکستانی خواتین اس مرض سے کتنا متاثر ہیں، بروقت تشخیص اور علاج کی کتنی افادیت ہے۔ پاکستانی خواتین کو بھی اس مرض سے شدید خطرات لاحق ہیں ہر 9 میں سے ایک خاتون چھاتی کے سرطان کے خطرے سے دوچار ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں ہر سال ایک لاکھ 85 ہزار سے زائد مختلف نوعیت کے کینسر کا شکار ہوتے ہیں جبکہ سالانہ 90 ہزار سے زائد خواتین بریسٹ کینسر میں مبتلا ہوتی ہیں جن میں 40 ہزار موت کے منہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

جسٹس حسن اظہر رضوی نے بطور قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت حلف اٹھا لیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ حلف برداری کی تقریب وفاقی آئینی عدالت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر16)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

خاتون ٹیچر کے خلاف بینظیر بھٹو شہید یونیورسٹی کی اپیل خارج

تین سال کی میعاد پورے کرنے کے بعد یونیورسٹی خاتون ٹیچر کو کنگ کر رہی ہے، جسٹس حسن اظہر رضوی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی آئینی عدالت نے خاتون ٹیچر کے خلاف بے نظیر بھٹو شہید یونیورسٹی کی اپیل خارج کر دی۔ قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیئے کہ خاتون ٹیچر نے پی ایچ ڈی کے بعد 3 سال یونیورسٹی میں کام کیا، تین سال کی میعاد پورے کرنے کے بعد یونیورسٹی خاتون ٹیچر کو کنگ کر رہی ہے۔ وکیل یونیورسٹی نے کہا کہ خاتون ٹیچر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

پاک فوج کا فلاحی اقدام، وادی لیپہ میں عوام کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی

پاکستان و آزاد کشمیر کے مایہ ناز ڈاکٹروں اور طبی ماہرین نے شرکت کی، مختلف امراض میں مبتلا مریضوں کا مفت طبی معائنہ و علاج

وادی لیپہ (سٹاف رپورٹر) پاک فوج کے زیر اہتمام محکمہ صحت آزاد کشمیر کے تعاون سے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں پاکستان و آزاد کشمیر کے مایہ ناز ڈاکٹروں اور طبی ماہرین نے شرکت کی اور مختلف امراض میں مبتلا بڑی تعداد میں مریضوں کا مفت طبی معائنہ و علاج کیا۔ کیمپ کے ذریعے دور افتادہ وادی لیپہ کی عوام کو معیاری طبی سہولیات کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

گھوٹکی، قومی شاہراہ پر ٹرک اور مسافر بس میں تصادم، 33 افراد زخمی

اوورٹیک کے دوران ٹول پلازہ کے قریب گاڑیوں میں تصادم ہوا، زخمی ہسپتال منتقل

گھوٹکی (سٹاف رپورٹر) گھوٹکی میں قومی شاہراہ پر ٹرک اور مسافر بس میں تصادم کے نتیجے میں 33 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اوورٹیک کے دوران ٹول پلازہ کے قریب گاڑیوں میں تصادم ہوا، حادثے میں زخمی ہونے والے 33 افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ مقامی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

فوری ضرورت ہے

دنیا بھر سے | ملک بھر سے

AOM NEWS TV CHANNEL

International Media Forum

عوامی محبت

بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | کرائم رپورٹر

صرف سنجیدہ افراد کیلئے: سٹی رپورٹر | نیوز ایجنسی | انٹرنیشنل کوارڈینیٹر | میل اور فی میل



ڈیجیٹل پرنٹنگ کے لیے رابطہ کریں۔

رابطہ کریں

042-35950333, 0304-2198241, 0322-8077033, 0321-6462430

Awami_mohabbat@yahoo.com info.awamimohabbat@gmail.com

www.amanimohabbat.com

عوامی محبت

www.awamimohabbatgroup.com

ایڈیٹر، پبلشر اقبال دانیال کھوکھر نے چترا پریس ہسپتال روڈ لاہور سے چھپوا کر کوٹ رادھا کشن ضلع قصور سے جاری کیا

ایڈیٹر: اقبال کھوکھر، ڈپٹی ایڈیٹر: ڈاکٹر اطہر یونس، انچارج کرائم سیل: ملک طاہر محمود

میگزین ایڈیٹر: ایس ایم صابر، انچارج نمائندگان: رشید لالہ، سرکولیشن: اشرف آسی

قصور آفس: کوٹ رادھا کشن، کوٹ علی گڑھ پی او بکس نمبر 08 قصور۔ لاہور آفس: مون مارکیٹ حمزہ ٹاؤن فیروز پور روڈ لاہور

awami_mohabbat@yahoo.com awamimohabbat9@gmail.com


042-35457330 www.awamimohabbatgroup.com



پیغام اقبال

اے رہرو فرزانہ بے جذبِ مسلمانی
نے راہِ عمل پیدا نے شاخِ یقیں نم ناک
رمزیں ہیں محبت کی گستاخی و بے باکی
ہر شوق نہیں گستاخ، ہر جذب نہیں بے باک

(بالِ جبریل)



فرمان قائدؒ

مجھے امید ہے کہ آپ میں سے ہر ایک اپنے اپنے دائرہ عمل اور اپنی اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہوگا۔ مجھے آپ سے صرف کہنا ہے کہ ایک دوسرے سے مکمل تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کیجیے۔

(پشاور میں سرکاری افسران سے خطاب ۱۴ اپریل ۱۹۴۸ء)



سیالکوٹ: کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی سمبڑیال میں منعقدہ کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق بھی ہمراہ ہیں۔

کمشنر گوجرانوالہ محمد علی کا دفتر اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال میں کھلی کچہری کا انعقاد

انہوں نے شہریوں کے مسائل اور شکایات سنی اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ احکامات جاری کئے

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے دفتر اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کے مسائل اور شکایات سنی اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ محکموں کے افسران کو ضروری احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین اور اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کھلی کچہری میں ریونیو، محکمہ مال، ستھرا پنجاب، میونسپل کمیٹی، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ، پیرا فورس، زراعت، جنگلات، ہائی وے اور لینڈ ریکارڈ سمیت مختلف محکموں سے متعلق شہریوں نے اپنی شکایات اور درخواستیں پیش کیں۔ کمشنر محمد علی نے درخواستیں ذاتی طور پر وصول کیں اور متعلقہ افسران کو طلب کرکے شکایات کے ازالے کے لئے ہدایات جاری کیں۔ سمبڑیال بار ایسوی ایشن کے عہدیداروں نے کھلی کچہری کے انعقاد پر کمشنر گوجرانوالہ کا شکریہ ادا کیا۔ کمشنر محمد علی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کیا جا سکے اور ان کے مسائل فوری طور پر حل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے پاس جا کر ان کے مسائل سنے جا رہے ہیں اور شکایات کے فوری حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ درخواستوں پر جاری احکامات پر عمل درآمد کا باقاعدہ جائزہ لیا جاتا ہے تاکہ شہریوں کو عملی ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ کمشنر گوجرانوالہ نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں پر جاری احکامات پر عمل درآمد یقینی بنا کر رپورٹ پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفاتر میں شہریوں کے مسائل سنیں اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی، سرکاری محکموں کی جوابدہی اور شکایات کا موثر حل یقینی بنایا جائے۔ کمشنر محمد علی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد شہریوں کے مسائل کا فوری حل، عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانا اور سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری لانا ہے۔



لاہور، ایک کاریگر فرنیچر تیار کر رہا ہے

خیراتی اداروں، این جی اوز کی مانیٹرنگ اور کارکردگی کی جانچ کے حوالے سے اہم فیصلے

این جی اوز کو منی لانڈرنگ اور دہشتگردوں کی مالی معاونت جیسے خطرات سے بچاؤ کی تربیت کی فراہمی جاری

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی زیر صدارت پنجاب چیریٹیز کمیشن کا 26 واں اجلاس منعقد ہوا۔ سیکرٹری ہاؤسنگ و کمشنر پنجاب چیریٹیز کمیشن نور الامین مینگل نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی جبکہ کمشنر پنجاب چیریٹیز کمیشن ڈاکٹر اسامہ صدیق بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کرنل شہزادا میر نے ادارے کی کارکردگی اور مستقبل کے پلان بارے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ چیریٹیز کمیشن پنجاب بھر میں این جی اوز کی استعداد کار بڑھانے کے منصوبے پر عمل پیرا ہے۔



لاہور، چھٹی کے روز چڑیا گھر کی سیر کے لیے آئی فیملیز داخلی راستے پر کھڑی ہیں

برآمدات کا فروغ مضبوط معیشت کی بنیاد ہے، رکاوٹیں دور کی جائیں، صدر لاہور چیمبر

قالینوں کی صنعت کو عالمی منڈی میں مسابقت کے لیے سہولیات فراہم کرنا ہوں گی، علی حسام اصغر

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے کہا ہے کہ برآمدات کا فروغ مضبوط معیشت کی بنیاد ہے اس لیے برآمد کنندگان کو درپیش دیرینہ رکاوٹیں بلا تاخیر دور کی جانی چاہئیں، برآمدات میں پائیدار اضافہ ملکی معیشت کے استحکام، زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری اور معاشی خود انحصاری کے لیے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک اور سینئر وائس چیئرمین خواجہ میر مدثر کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمن، سابق چیئرمین میاں عتیق الرحمن، میجر (ر) اختر نذیر، سعید خان اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان بھی وفد میں شامل تھے۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی اور نائب صدر چوہدری خادم حسین بھی موجود تھے۔

ملک سیاسی، معاشی اور اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ ہو چکا ہے، جے یو آئی

سیاسی رسہ کشی، پکڑ دھکڑ اور ملک میں ہر طرف افراتفری کے ماحول سے عوام ذہنی مریض بن چکے ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس اور حافظ محمد فاروق سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک سیاسی، معاشی اور اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ ہو چکا ہے، عوام کی زندگی اجیرن بن چکی ہے حکمران وزیر مشیر اور سرکاری افسران پروٹوکول انجوائے کر رہے ہیں، سیاسی رسہ کشی پکڑ دھکڑ اور ملک میں ہر طرف افراتفری کے ماحول سے عوام ذہنی مریض بن چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نااہل حکمرانوں نے مہنگائی کے ذریعے عوام کی امیدوں پر شب خون مارا ہے، نااہل حکمران اپنی شاہ خرچیوں اور مراعات میں کمی نہیں لا رہے

سیاسی عدم استحکام ملکی معیشت، جمہوری عمل کیلئے نقصان دہ ہے، پبلک ایکشن فورم

حکومت، اپوزیشن اختلافات مذاکرات کے ذریعے حل کریں، آئین و قانون کی بالادستی یقینی بنائی جائے

لاہور (این این آئی) پبلک ایکشن فورم کے چیئرمین آصف سلیم مٹھا نے ملک میں بڑھتی ہوئی سیاسی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام سیاسی جماعتوں پر زور دیا ہے کہ وہ قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مسلسل محاذ آرائی سے سیاسی استحکام، معاشی سرگرمیاں اور عوامی اعتماد متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کی صورتحال اور حکومت و اپوزیشن کے درمیان مذاکرات میں تعطل ملک کے سیاسی ماحول کو مزید پیچیدہ بنا سکتا ہے، تمام سیاسی قوتوں کو چاہیے کہ وہ اختلافات کو تصادم میں بدلنے کے بجائے آئینی اور جمہوری طریقے سے حل کریں۔ سیاسی قیادت قومی مسائل کے حل کے لیے تحمل، برداشت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرے۔ آئین کی بالادستی، قانون کی یکساں عملداری اور بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات کے باوجود قومی سلامتی، جمہوری تسلسل اور عوامی مفادات پر اتفاق رائے ضروری ہے۔



لاہور، سیاح والڈ سٹی کی منی گاڑی پر سوار ہو کر تاریخی شاہی قلعہ کی سیر کر رہے ہیں



نمازوں کے اوقات

نماز فجر	5:00
نماز ظہر	1:45
نماز عصر	5:15
نماز مغرب	غروب آفتاب
نماز عشاء	8:30

شکایت سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایات	99202977
واپڈا شکایات سنٹر	111000118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

کلب اینڈ ہوٹل

پی سی	111-505-505
آواری	111-282-747
کراؤن پلازہ	111-808-111
راکس ہام	111-602-602
سن فورٹ	35763813
ہالیڈے ان	36310077
ایمبیسیڈر	36316821
لاہور جم خانہ	35756692-2
گریژن کنٹری کلب	36660016
پنجاب کلب	36362138
لاہور پریس کلب	36364792

ایمرجنسی نمبرز

ایمرجنسی کنٹرول	115
پولیس	15
ریلوے پولیس ہیلپ سنٹر	1333
فائر بریگیڈ	16
پی آئی اے انکوائری	114
ریسکیو فورس	1122
ریلوے انکوائری	117
یمز ہسپتال	99212111
سروسز ہسپتال	99203402-25
میو ہسپتال	99211100-9
جنرل ہسپتال	35810891-5
فاطمید بلڈ بنک	35863950
جناح ہسپتال	11-809809
پنجاب کارڈیالوجی	99203051-6

جنرل ہسپتال کو 18 لاکھ روپے مالیت کی جدید ڈائلیسز مشین کا عطیہ

لاہور (این این آئی) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت عظیم ترین عبادت اور صدقہ جاریہ ہے مریضوں کے علاج معالجے کے لیے مالی معاونت اور طبی آلات عطیہ کرنے والی مخیر شخصیات معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریٹائرڈ پروفیسر آف ریڈیالوجی پروفیسر ڈاکٹر سائرہ وبلال کی جانب سے لاہور جنرل ہسپتال کو 18 لاکھ روپے مالیت کی جدید ڈائلیسز مشین عطیہ کرنے کے موقع پر کیا۔ ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین، پروفیسر سائرہ بلال، پروفیسر نگہت ہارون، پروفیسر عباد الرحمان، پروفیسر میاں محمد حنیف اور انتظامی ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔

چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے لیے ہیمل پنکوبر 2026 کا انعقاد 31 اکتوبر کو باغ جناح میں ہوگا

لاہور (این این آئی) چھاتی کے سرطان سے آگاہی، بروقت تشخیص کی اہمیت اجاگر کرنے اور اس مرض سے صحت یاب ہونے والی خواتین کی حوصلہ افزائی کے لیے سپورٹس ان پاکستان کے زیر اہتمام سالانہ تقریب ہیمل پنکوبر 2026 میراتھن 31 اکتوبر کو باغ جناح میں منعقد ہوگی۔ منتظمین کے مطابق اس مہم میں بڑی تعداد میں افراد کی شرکت متوقع ہے جس کا مقصد چھاتی کے سرطان سے متعلق عوامی آگاہی کو فروغ دینا، اس مرض کا مقابلہ کرنے والی خواتین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا اور اس کے باعث زندگی کی بازی ہارنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے۔

ایس آئی ایف سی کی رواں سال معیشت کے اہم شعبوں میں نمایاں پیشرفت

لاہور (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل نے رواں سال معیشت کے اہم شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی اقدامات کے فروغ کے لیے نمایاں پیشرفت کی ہے۔ صنعتی شعبے میں سات نئے سیمنٹ پلانٹس کی منظوری میں سہولت فراہم کی گئی جن میں تقریباً 70 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ توانائی کے شعبے میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل نے چار سو پینتیس کلومیٹر طویل وائٹ آئل پائپ لائن کی منظوری حاصل کرنے میں مدد فراہم کی۔ کونسل کے تعاون سے جیٹ گرین کے 30 لاکھ ڈالر مالیت کے نجی ایئرلائن منصوبے کی زیر التواء منظوریوں کا عمل مکمل کیا گیا۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 38 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 45 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 12 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 12 ہزار 900 کیوسک، خیر آباد پل آمد 39 ہزار کیوسک اور اخراج 39 ہزار کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 11 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 16 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 13 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 7 ہزار 600 کیوسک رہا۔

پنجاب بار کونسل کا سیاسی قیادت سے قومی مفاد میں اختلافات بالائے طاق رکھ کر مذاکرات کا مطالبہ

دہشتگردی کے خاتمے اور ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تمام سیاسی قوتوں کا ایک پیج پر آنا ناگزیر ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چوہدری قیصر نذیر احمد ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چوہدری ارشد علی ہنجرا نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش موجودہ کڑے حالات میں سیاست کے معتبر ناموں کو آگے آ کر اپنا مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنا چاہیے، سیاستدان ذاتی انا اور سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر قومی مفاد میں مذاکرات کا راستہ اختیار کریں تاکہ ملک کو سیاسی استحکام کی جانب گامزن کیا جا سکے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہی ہے جس کے خاتمے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں اور قومی اداروں کو متحد ہو کر مشترکہ حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ قومی سلامتی اور ملکی استحکام کے معاملات پر اتفاق رائے وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کی قیادت اپنے رہنماؤں کو غیر ذمہ دارانہ بیان بازی سے روکنے کے لیے واضح ہدایات جاری کرے تاکہ سیاسی ماحول میں کشیدگی کم اور مفاہمت کی فضا قائم ہو سکے۔ سیاسی محاذ آرائی اور الزام تراشی سے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ اس سے قومی یکجہتی اور جمہوری اقدار کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو معاشی، سیاسی اور امن و امان کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے جن سے نمٹنے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔



لاہور، ایک نوجوان نے چائنہ اسکیم اتوار بازار میں گھریلو استعمال کی اشیاء کا اسٹال لگا رکھا ہے

پاکستان میں 2020 کے دوران قبل از وقت پیدائش کی شرح تقریباً 14.3 فیصد تھی، رپورٹ

ایک فیصد درجہ حرارت بڑھنے سے قبل از وقت پیدائش میں 5، حمل کے دوران خواتین میں شوگر 7 فیصد تک بڑھ رہی ہے

لاہور (این این آئی) موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے اثرات اب صرف ماحول تک محدود نہیں رہے بلکہ حاملہ خواتین اور نومولود بچوں کی صحت کے لیے بھی تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق پاکستان میں 2020 کے دوران قبل از وقت پیدائش کی شرح تقریباً 14.3 فیصد تھی۔ قبل از وقت پیدائش سے مراد حمل کے 37 مکمل ہفتوں سے پہلے بچے کی پیدائش ہے۔ اقوام متحدہ کی نئی تحقیق کے مطابق ایک فیصد درجہ حرارت بڑھنے سے قبل از وقت پیدائش میں 5 فیصد جبکہ حمل کے دوران خواتین میں شوگر 7 فیصد تک بڑھ رہی ہے۔ اسسٹنٹ کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ڈاکٹر صدف ذوالفقار نے کہا کہ پاکستان میں پہلے ہی قبل از وقت پیدائش کی شرح تشویش ناک ہے، جبکہ ایسے بچوں کی مناسب نگہداشت کے لیے نوزائیدہ بچوں کے انتہائی نگہداشت یونٹس اور خصوصی نرسریز کی دستیابی بھی اہم چیلنج ہے۔ ڈاکٹر صدف ذوالفقار کے مطابق، شدید گرمی کے دوران حاملہ خواتین میں پانی کی کمی کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ پاکستان میں خواتین پہلے ہی بعض اوقات ضرورت کے مطابق پانی نہیں پیتیں، جبکہ ہیٹ ویو کے دوران یہ مسئلہ مزید سنگین ہو سکتا ہے۔ پانی کی کمی اور جسمانی دباؤ حمل کی صحت کو متاثر کر سکتے ہیں

ملکی ترقی کیلئے ہر شخص اپنی ذمہ داری دیانتداری سے پوری کرے، ملک افضل کھوکھر

نواز شریف کی قیادت میں ملکی ترقی و خوشحالی کے لیے پرعزم ہیں، رکن قومی اسمبلی

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ پاکستان نے ہمیں پہچان، عزت اور شناخت دی ہے، اس لیے ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے ہر شخص کو اپنی ذمہ داریاں دیانتداری، محنت اور خلوص نیت سے ادا کرنا ہوں گی۔ ملک کی ترقی صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کو قومی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا ہے، ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنانے، عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور قومی اداروں کو مستحکم کرنے کے لیے اجتماعی کاوشیں ناگزیر ہیں۔ پاکستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ تمام طبقات ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی خوشحالی کے لیے محنت، نظم و ضبط، قانون کی پاسداری اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا ضروری ہے۔ قومیں اسی وقت ترقی کرتی ہیں جب ان کے افراد ذاتی مفادات کے بجائے اجتماعی بھلائی کو اہمیت دیتے ہیں اور ملک کی بہتری کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہیں۔

پنجاب میں ترقیاتی عمل جاری، عوامی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، مرزا محمد جاوید

وزیر اعلیٰ پنجاب کے اقدامات قابل تحسین ہیں، ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق رکن پنجاب اسمبلی مرزا محمد جاوید نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبے میں ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں، پنجاب میں ترقیاتی اقدامات کو دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے جبکہ عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبوں پر توجہ دینا خوش آئند ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ مریم نواز شریف عوامی خدمت کے جذبے کے تحت صوبے کی ترقی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں۔ تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور دیگر بنیادی سہولیات کے شعبوں میں بہتری عوام کی اہم ضرورت ہے۔ ان شعبوں پر توجہ دینے سے شہریوں کے مسائل حل کرنے اور معیار زندگی بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی ترقی کے لیے موثر منصوبہ بندی، وسائل کا درست استعمال اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضروری ہے۔ حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے ثمرات عام آدمی تک پہنچنے چاہئیں تاکہ شہری عملی طور پر بہتری محسوس کر سکیں۔



لاہور، چھٹی کے روز بڑی تعداد میں فیملیز چڑیا گھر کی سیر کے لیے آئی ہوئی ہیں

ٹریفک حادثات کی روک تھام کیلئے پبلک سروس، ڈمپنگ، کمرشل اور ہیوی ٹریفک کی خصوصی چیکنگ کا حکم

شہر میں دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کے داخلے اور نقل و حرکت پر مکمل پابندی

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے لاہور میں ٹریفک حادثات کی روک تھام اور شہریوں کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لیے پبلک سروس، ڈمپنگ، کمرشل اور ہیوی ٹریفک کی خصوصی چیکنگ کا حکم دے دیا ہے۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق شہر میں دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کے داخلے اور نقل و حرکت پر مکمل پابندی عائد ہے۔ ہیوی ٹریفک رات 11 بجے سے پہلے شہر میں داخل نہیں ہو سکتی، جبکہ صبح 7 بجے کے بعد بھی کمرشل اور ہیوی گاڑیوں کو شہر میں داخل ہونے یا چلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ پابندی کے زمرے میں ٹریکٹر ٹرالیاں، ٹرالرز، ٹرک، لوڈرز اور کنسٹرکشن مشینری بھی شامل ہیں۔ مقررہ اوقات کی خلاف ورزی کرنے والی ہیوی ٹریفک کے خلاف صرف چالان نہیں بلکہ مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔ رات کے وقت ہیوی ٹریفک کو قافلوں کی صورت میں مرحلہ وار شہر میں داخل کیا جا رہا ہے، جبکہ آئل ٹینکرز کو بھی مقررہ اوقات میں ہی نقل و حرکت کی اجازت ہوگی۔ سید عبدالرحیم شیرازی نے کمرشل گاڑیوں کی مقررہ باڈی سے باہر نکلے ہوئے سامان کو بھی حادثات کی ایک بڑی وجہ قرار دیتے ہوئے اس کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا ہے۔



لاہور، بادامی باغ سبزی منڈی میں ایک مزدور آلو کی بوریاں کندھے پر اٹھائے جا رہا ہے

وقف املاک کا تحفظ، محصولات میں اضافہ، اہداف کا حصول ناگزیر ہے، ڈاکٹر احسان بھٹہ

ڈینگی کا خاتمہ، وقف اراضیات کا انتقال، مزارات کے ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی یقینی بنائی جائے

لاہور (این این آئی) سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ وقف املاک کا تحفظ، نگہبانہ آمدن و محصولات میں اضافہ اور حکومت کی جانب سے مقرر کردہ اہداف کا بروقت حصول محکمہ اوقاف کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اہداف کے حصول میں ناکامی کی صورت میں متعلقہ افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ کارکردگی کی بہتری کے لیے خود احتسابی اور موثر مانیٹرنگ کے نظام کو مزید فعال بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان اوقاف میں منعقدہ زونل ناظمین کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

وزیر قانون کا تھانہ راوی روڈ پر خاتون اور بچوں کو مبینہ غیر قانونی حراست میں رکھنے اور تشدد کے واقعے کا نوٹس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان نے لاہور کے تھانہ راوی روڈ میں ایک خاتون اور اس کے بچوں کو مبینہ طور پر غیر قانونی حراست میں رکھنے اور تشدد کا نشانہ بنانے کے الزامات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ صوبائی وزیر قانون نے متعلقہ پولیس حکام کو ہدایت کی کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے اور خاتون اور بچوں کو مبینہ طور پر حراست میں رکھنے اور تشدد کے الزامات کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں۔

ایک سال میں 15 لاکھ پاکستانی بچے انٹرنیٹ پر جنسی ہراسانی کا شکار ہوئے، یونیسیف

لاہور (این این آئی) بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والے اقوام متحدہ کے ادارے یونیسف کے مطابق تقریباً 15 لاکھ پاکستانی بچوں نے ایک سال کے دوران انٹرنیٹ پر جنسی ہراسانی کا سامنا کیا۔ یونیسف نے والدین کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز تک بچوں کی بلا روک ٹوک رسائی سے خبردار کرتے ہوئے ان کی سخت نگرانی کی ہدایت کی ہے۔ یونیسف کے مطابق صرف ایک سال کے دوران تقریباً 15 لاکھ پاکستانی بچوں نے انٹرنیٹ پر جنسی ہراسانی کا سامنا کیا، متاثرہ بچوں میں سے 57 فیصد نے شرم، خاندانی ردعمل اور بدنامی کے باعث کسی کو نہیں بتایا۔ یونیسف آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے بچوں کی جعلی تصاویر اور ویڈیوز بنانے کو بھی ابھرتا ہوا خطرہ قرار دیا ہے۔

اساتذہ کے ای ٹرانسفر راؤنڈ کے تحت درخواستیں جمع کرانے کی (آج) آخری تاریخ

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری سکولوں کے اساتذہ کے ای ٹرانسفر راؤنڈ کے تحت درخواستیں جمع کرانے کی آج (پیر) 19 اکتوبر آخری تاریخ ہے۔ اساتذہ کے دستاویزات کی تصدیق 20 سے 22 اکتوبر تک کی جائے گی۔ اساتذہ کے تحفظات دور کرنے کے لیے 23 سے 26 اکتوبر تک کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔ اساتذہ کے ای ٹرانسفر آرڈرز 27 اکتوبر کو جاری کیے جائیں گے۔ ای ٹرانسفر کے لیے اساتذہ کو ایس آئی ایس پورٹل کے ذریعے درخواستیں دینا ہوں گی۔

دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور ایک بار پھر پہلے نمبر پر آ گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور تعطیل کے باوجود دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر رہا۔ شہر میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 261 ریکارڈ کی گئی، شہر کے مختلف علاقوں میں فضائی آلودگی کی شرح خطرناک حد تک بلند ریکارڈ کی گئی، اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 451 تک پہنچ گیا، گلبرگ ٹو میں 418، برکی روڈ میں فضائی آلودگی کی شرح 288، پیراگون سٹی میں 278 اور ماڈل ٹاؤن میں 244 ریکارڈ کی گئی۔

موجودہ عالمی کشیدہ حالات میں سیاسی جماعتوں کو تدبر، دوراندیشی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، ہمایوں اختر خان

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ موجودہ عالمی کشیدہ حالات میں سیاسی جماعتوں کو تدبر اور دوراندیشی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، مسائل کا حل محاذ آرائی نہیں بلکہ بات چیت اور باہمی مشاورت میں ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے مضبوط اتحاد کی ضرورت ہے، حلقے کے مسائل اور محرومیوں کے ازالے کے لئے ہماری بھرپور کاوشیں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، عوام اب انگریز کے دور سے حلقے کی نمائندگی کی پگ پہننے والوں سے متنفر ہو رہے ہیں۔

ڈیفنس اے انویسٹی گیشن پولیس کی زیر حراست 35 سالہ شخص ہسپتال میں دم توڑ گیا

لاہور (این این آئی) ڈیفنس اے انویسٹی گیشن پولیس کی زیر حراست 35 سالہ شخص ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ ڈیفنس سی انویسٹی گیشن پولیس نے 35 سالہ شخص امجد بشیر کو چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں حراست میں لیا تھا۔ اہل خانہ کے مطابق پولیس نے رات کے وقت امجد بشیر کو گرفتار کیا تھا۔ طبیعت خراب ہونے پر امجد بشیر کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ علاج معالجے کے دوران جاں بحق ہو گیا۔ جاں بحق ہونے والا امجد دو معصوم بچوں کا باپ تھا۔ اشتہاری ملزم کے خلاف تھانہ ڈیفنس اے میں چیک ڈس آنر کا پرچہ درج تھا۔ ملزم کی سابقہ طبی تاریخ کے مطابق وہ دل کا مریض تھا۔ میڈیکل رپورٹ کے مطابق ملزم کی گرفتاری موت دل کی حرکت بند ہونے کے باعث ہوئی۔

لیسکو کا آپریشن، ڈائریکٹ سپلائی سے بجلی چوری کرنیوالے 27 افراد پکڑے گئے، 2 گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی چوری کے خلاف کارروائیاں تیز کر دیں۔ سینٹرل سرکل کی رانا ٹاؤن سب ڈویژن اور ایسٹرن سرکل کے مختلف سرحدی علاقوں میں آپریشن کے دوران بجلی چوری میں ملوث افراد کو پکڑ لیا گیا، جبکہ غیر قانونی کنکشن منقطع کر کے محکمانہ اور قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ لیسکو حکام کے مطابق ایسٹرن سرکل میں ڈائریکٹ سپلائی کے ذریعے بجلی چوری کرنے والے 27 افراد پکڑے گئے، جن میں سے 2 کو گرفتار کیا گیا۔ بجلی چوری میں ملوث افراد میں 7 غیر رجسٹرڈ صارفین بھی شامل ہیں۔

پنجاب یونیورسٹی کے کتاب میلے میں 2 لاکھ 30 ہزار کتابوں کی ریکارڈ فروخت

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام پاکستان کے سب سے بڑے کتاب میلے میں حتمی اعداد و شمار کے مطابق 2 لاکھ 30 ہزار سے زائد کتب کی فروخت نے نیا ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ اس موقع پر اپنے بیان میں وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں کتب کی فروخت کتابوں سے محبت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے دور میں سستی کتب کی فراہمی مطالعے کی عادات کے فروغ کا باعث بنے گی۔ کتاب علم کا منبع ہے، کتاب کی اہمیت کبھی بھی ختم نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے کہا کہ کتاب کلچر کے فروغ کے لئے ایسی سرگرمیاں لازمی ہیں



سیالکوٹ۔ موبائل پولیس اسٹیشن وین چونڈہ، حدود تھانہ پھلورہ میں ایف آئی آر کے اندراج، ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق سہولیات، کریکٹر سرٹیفکیٹ اور دیگر پولیس سروسز فراہم کرنے کے موقع پر گروپ فوٹو

ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ریٹائرڈ) دوست محمد کی زیر نگرانی موبائل پولیس اسٹیشنز کے ذریعے شہریوں کی دہلیز پر خدمات کی فراہمی جاری

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) موبائل پولیس اسٹیشن، سہولیات آپ کی دہلیز پر! وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوامی سہولت کے وژن اور آئی جی پنجاب کی ہدایات پر، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ریٹائرڈ) دوست محمد کی زیر نگرانی موبائل پولیس اسٹیشنز کے ذریعے شہریوں کی دہلیز پر خدمات کی فراہمی جاری۔ بلیو موبائل پولیس اسٹیشن وین چونڈہ، حدود تھانہ پھلورہ میں ایف آئی آر کے اندراج، ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق سہولیات، کریکٹر سرٹیفکیٹ اور دیگر پولیس سروسز فراہم کر رہی ہے۔ آمد کا شیڈول سیالکوٹ پولیس کے آفیشل سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ملاحظہ کریں۔

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی کی جانب سے سیالکوٹ انٹرنیشنل ائرپورٹ کا دورہ

چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ائرپورٹ ملک عبدالغفور نے کمشنر گوجرانوالہ اور وفد کا استقبال کیا

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی کی جانب سے سیالکوٹ انٹرنیشنل ائرپورٹ کا دورہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق، اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر بھی کمشنر گوجرانوالہ کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ائرپورٹ ملک عبدالغفور نے کمشنر گوجرانوالہ اور وفد کا استقبال کیا۔ اس موقع پر پی ای او سیال ایئر وائس مارشل تنویر اشرف بھٹی ریٹائرڈ بھی موجود تھے۔ سی ای او سیال کی جانب سے کمشنر گوجرانوالہ اور وفد کو سیالکوٹ ائرپورٹ بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین سیال اور کمشنر گوجرانوالہ کا سیالکوٹ ائرپورٹ کے تمام آپریشنل امور سمیت دیگر مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمشنر گوجرانوالہ کا کہنا تھا کہ سیالکوٹ انٹرنیشنل ائرپورٹ، اس شہر کی کاروباری برادری کا بہت بڑا سنگ میل ہے، سیالکوٹ انٹرنیشنل ائرپورٹ اپنی نوعیت کا واحد اور بہترین منصوبہ ہے۔ کمشنر گوجرانوالہ کا مزید کہنا تھا کہ ائرپورٹ کے تمام تر امور کو بہترین انداز میں چلانے اور اس خطے کو ایک نئی مثبت سمت دینے پر سیالکوٹ کی تاجر برادری کی کاوشیں قابل ذکر ہیں۔ چیئرمین سیال کا کمشنر گوجرانوالہ، ڈی سی سیالکوٹ، اور اے سی سمبڑیال کی جانب سے مکمل تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا گیا۔ چیئرمین سیال اور کمشنر گوجرانوالہ کا مستقبل میں باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔



سیالکوٹ، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی صنعتکاروں سے خطاب کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت کی زیر صدارت ریونیو کورٹ تحصیل پسرور میں عوامی مسائل سنے

مسائل کے حل کے لیے قانون اور میرٹ کے مطابق اقدامات کیے جا رہے ہیں

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت کی زیر صدارت ریونیو کورٹ تحصیل پسرور میں عوامی مسائل سنے۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت ریونیو کورٹ میں عوامی مسائل کی سماعت اور ریونیو سے متعلقہ امور کی انجام دہی میں مصروف عمل ہیں۔ اس موقع پر سائلین کے مسائل سنے جا رہے ہیں اور ان کے حل کے لیے قانون اور میرٹ کے مطابق اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عوام کو بروقت انصاف کی فراہمی اور مسائل کا حل اولین ترجیح ہے۔



سیالکوٹ: اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت ریونیو کورٹ میں عوامی مسائل کی سماعت اور ریونیو سے متعلقہ امور کی انجام دہی میں مصروف ہیں

تاجروں، سرکاری محکموں کے درمیان رابطوں کیلئے فوکل پرسنز مقرر کئے جائیں، اشرف بھٹی

مارکیٹوں میں کسی طرح کی کارروائیوں سے پہلے تاجر رہنماؤں کو اعتماد میں لیا جائے


لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ تاجروں اور مختلف سرکاری محکموں کے درمیان موثر رابطوں کیلئے فوکل پرسنز مقرر کئے جائیں تاکہ کاروباری برادری کے مسائل بروقت حل اور غیر ضروری مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مارکیٹوں میں پیرا فورس اور دیگر محکموں کی جانب سے کارروائیوں سے قبل متعلقہ مارکیٹوں کے عہدیداران کو اعتماد میں لیا جائے اور انہیں اپنا موقف پیش کرنے کا موقع دیا جائے۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ تاجر ملکی معیشت میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، بھاری ٹیکسز ادا کرنے کے ساتھ لاکھوں افراد کو روزگار کی فراہمی کا ذریعہ بھی ہیں، تاجر برادری ملکی معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور حکومتی محصولات میں اضافے کیلئے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری محکموں اور تاجر تنظیموں کے درمیان رابطوں کا موثر نظام قائم ہونے سے غلط فہمیاں دور اور مسائل کا حل آسان ہو سکتا ہے۔



سیالکوٹ: سینٹرل ریسکیو اسٹیشن کچہری روڈ پر ضلع بھر کی مختلف یونین کونسلز کی ریسکیو سکاؤٹس ٹیموں کے درمیان مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔

سینٹرل ریسکیو اسٹیشن کچہری روڈ پر ضلع بھر کی مختلف یونین کونسلز کی ریسکیو سکاؤٹس ٹیموں کے درمیان مقابلہ جات کا انعقاد

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) سینٹرل ریسکیو اسٹیشن کچہری روڈ پر ضلع بھر کی مختلف یونین کونسلز کی ریسکیو سکاؤٹس ٹیموں کے درمیان مقابلہ جات کا انعقاد۔ معاشرے کو محفوظ بنانے کے لیے ہمیں عام لوگوں کو تربیت فراہم کرنی ہوگی تاکہ کسی بھی حادثہ کی صورت میں ریسکیو کے پہنچنے سے پہلے مریض کی جان بچانے کے لیے لوگ عملی طور پر کوشش کر سکیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے رضاکاروں کی کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیموں کے درمیان مقابلہ جات میں کیا۔ ریسکیو میڈیا نمائندہ کے مطابق ریسکیو 1122 نے سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس ڈاکٹر رضوان نصیر کی خصوصی ہدایت کے مطابق ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر نوید اقبال کی سربراہی میں سینٹرل ریسکیو اسٹیشن کچہری روڈ پر ضلع کی چاروں تحصیلوں کی یونین کونسل کے تربیت یافتہ رضاکاروں کی سی ای آر ٹی کے درمیان CADRE کی بنیاد پر محمد جمیل جنجوعہ انٹر یونین کونسل مقابلہ جات منعقد کروائے گئے۔ اس سے پہلے تمام تحصیلوں نے اپنی اپنی متعلقہ تحصیلوں میں بھی مقابلہ جات کا انعقاد کیا اور بہترین قرار پانے والی یونین کونسل سی ای آر ٹی ٹیم نے ضلع سیالکوٹ سینٹرل ریسکیو اسٹیشن میں ہونے والے مقابلہ جات میں حصہ لیا۔ اس کے علاوہ جنگل انڈسٹری ادارہ، ووکیشنل ٹریننگ ادارہ، سیالکوٹ کالج آف فیزیوتھیراپی اور سیالکوٹ وارڈن کی ٹیموں نے بھی مقابلہ جات میں حصہ لیا۔ اس موقع پر علی جنجوعہ (جنجوعہ اسپورٹس سی ای او) سیفٹی انسٹرکٹر نبیل ایم آئی ڈی سی ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سیالکوٹ نے بطور مہمان شرکت کی اور سکاؤٹس کی حوصلہ افزائی کی۔ چیلنج میں کسی بھی ہنگامی صورت حال میں مریضوں کی درجہ بندی کرنا، ابتدائی طبی امداد دینا، آگ لگنے کی صورت میں بروقت کارروائی کر کے آگ کو بجھانا، بلڈنگ گرنے کی صورت میں مریضوں کی تلاش اور نکالنے کی کوشش کرنا، ڈوبنے والے یا تیز بہاؤ والے پانی میں پھنس جانے والے شخص کو بچانے کا عملی مظاہرہ کر کے دکھایا گیا۔ اس موقع پر ٹیموں کی درجہ بندی ریسکیو اینڈ سیفٹی آفیسر محمد احسان، محمد عاصم، ٹریننگ کوآرڈینیٹر محمد وسیم اور تریز علی رضا اور عابد راجہ نے کی۔ مقابلہ جات میں جیتنے والی ٹیم یو سی تحصیل سمبڑیال کی ٹیم اور ریسکیو وارڈن سروس لاہور ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں ہونے والے رضاکاروں کے مقابلوں میں سیالکوٹ کی نمائندگی کرے گی۔



لاہور، بادامی باغ سبزی منڈی میں مزدور پیاز کی چھانٹی کر رہے ہیں

بقیہ جات 1
شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میجر وجاہت وحید نے وطن عزیز کی حفاظت کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا قوم کو اپنے اس بہادر سپوت پر فخر ہے، دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 18 اکتوبر کو قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی کے دوران اسلحے اور گولہ بارود کی بڑی تعداد بھی برآمد کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز نے گوادر کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشنز کا سلسلہ شروع کیا، جس کے دوران سیکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آئی ای ڈی کے دھماکے میں میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا، جن کی عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری رہیں گے، سیکیورٹی فورسز نے جنگ آباد میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی فورسز نے عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے اضلاع قلات اور گوادر کے مختلف علاقوں میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش اور ضلع گوادر کے علاقے شادی کور میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران میجر وجاہت وحید کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے وطن عزیز کے دفاع اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے میجر وجاہت وحید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے ملک کے امن و استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کی مسلسل قربانیوں اور پیشہ ورانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز میں 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین اور پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے 34 سالہ میجر وجاہت وحید شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میجر وجاہت وحید نے وطن عزیز کی حفاظت کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، قوم کو اپنے اس بہادر سپوت پر فخر ہے۔ وزیراعظم نے شہید میجر کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار اور شہید کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے ایپکس کمیٹی کے وژن عزم استحکام کے تحت غیر ملکی سرپرست یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھنے کا عزم کا اعادہ کیا۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قلات اور پسنی میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہید کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ میجر وجاہت وطن عزیز کے امن کے لیے جان نچھاور کر کے ہمیشہ کے لیے امر ہو گئے ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ شہید میجر وجاہت سمیت تمام شہداء کے لہو کا ہر قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ شہید میجر وجاہت ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے اور ان کی اس عظیم قربانی کو قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔

بقیہ جات 2
قاتل لیسکو اہلکار ہی نکلے، اس ہائی پروفائل ٹارگٹ کلنگ کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے نوٹس لے رکھا تھا۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ اور سی ڈی انچارج ڈاکٹر عبدالمنان نے اپنی ٹیم کے ہمراہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ایکسین ملک رب یار کے قاتلوں کا سراغ لگایا۔ پولیس کے مطابق ایکسین لیسکو کے قتل میں اسسٹنٹ لائن مین رانا عدیل، میٹر انسپکٹر علی ملہی، شوذ تکلیل وغیرہ پانچ افراد کی نشاندہی ہوئی جن میں سے چار ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے جبکہ مرکزی کردار رانا عدیل کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ میٹر انسپکٹر علی ملہی کے متعلق پولیس کا کہنا ہے کہ یہ ایکسین ملک رب یار کی ریکی کرتا رہا۔ اس کے قتل کے فوری بعد ویڈیو بھی بناتا رہا اور دیگر ملزمان کو ملک رب یار کے مارے جانے کی تصدیق کی اطلاع کرتا رہا۔ واضح رہے کہ اس ہائی پروفائل کیس کی وجہ سے مرید کے اور لیسکو اہلکاروں میں بہت خوف پایا جارہا تھا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اس کا سخت نوٹس لے رکھا تھا۔

بقیہ جات 3
پی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا وقت گزر گیا، وہ بھی ڈیزل ڈیزل کہتے تھے۔ کامران مرتضیٰ نے کہا کہ پہلے آپ کو مولانا کی ضرورت تھی، ہمارا کیا وزن رہ جاتا اگر ہم پارلیمان میں ایک بات کرتے اور باہر دوسرا موقف اپناتے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک موقف اپناتے اور انڈر رو ڈیمل حصہ لے لیتے تو پھر ہمارا وزن کیا رہ جاتا؟ آپ اپنا ذہن استعمال کریں کہ کون سچ بول رہا ہے کون جھوٹ بول رہا ہے۔ جے یو آئی کے سینیٹر نے کہا کہ اختلافات ہوتے ہیں لیکن ذات تک نہیں جانا چاہیے، جس طرح یہ ذات تک پہنچ جاتے ہیں اور گند اچھالتے ہیں یہ ان کے ہلکے پن کی نشانی ہے۔

بقیہ جات 4
مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ملاقات میں مکہ مشترکہ معاہدے کے تحت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا جبکہ دفاعی اشتراک، ادارہ جاتی روابط اور تذویراتی ہم آہنگی بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ فیلڈ مارشل نے سعودی سفیر کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد بھی دی۔

بقیہ جات 5
جو بھی دہشت گردی کر رہے ہیں، انہیں چھوڑنا نہیں چاہیے۔ واضح رہے کہ سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید شہید ہو گئے۔ جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید کی عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا۔

بقیہ جات 6
میں صنعتی ترقی، بین الاقوامی تعاون، موسمیاتی تبدیلی، توانائی، مسابقت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق ملاقات کے دوران ہارون اختر خان نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اس وژن کو اجاگر کیا جس کا مقصد پائیدار صنعتی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور معاشی خود انحصاری کے ذریعے پاکستان کو ایک مضبوط اور برآمدات پر مبنی صنعتی معیشت میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان صنعتی ترقی، معاشی استحکام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کی بڑی نوجوان آبادی ایک اہم قومی اثاثہ ہے، تاہم صنعتی ترقی کے بغیر پائیدار معاشی پیش رفت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا ممکن نہیں۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ قومی صنعتی پالیسی تشکیل دی گئی ہے، جس کا مقصد صنعتی ترقی کے لیے واضح سمت کا تعین، پیداواری صلاحیت میں اضافہ اور ملکی معیشت کی بنیادوں کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ تجارتی خسارہ پر قابو پانے کے لیے برآمدات پر مبنی معاشی نمو کو فروغ دینے کے ساتھ درآمدات کے متبادل مقامی مصنوعات کی تیاری اور مقامی مینوفیکچرنگ کو بھی وسعت دینا ضروری ہے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان میں صنعت اور زراعت دونوں شعبوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے، جس سے بھرپور استفادہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے قدرتی وسائل کے مئوثر استعمال، ویلیو ایڈڈ صنعتوں کی ترقی اور مقامی پیداوار کو مضبوط بنانے پر زور دیا تاکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکیں اور ملکی برآمدات کی مسابقتی صلاحیت میں بھی اضافہ ہو۔ موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز کا ذکر کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ اس کے منفی اثرات پاکستان کی زرعی پیداوار اور صنعتی سرگرمیوں کو نمایاں طور پر متاثر کر رہے ہیں

بقیہ جات 7
نمو 65.3 فیصد مقرر کردی، مالی سال 26۔2025 میں شرح نمو کا ابتدائی تخمینہ 70.3 فیصد تھا۔ نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی کے مطابق پاکستان کی معیشت کا حجم 4.450 ارب ڈالر ہو گیا، پاکستان میں فی کس آمدن 1.896 ڈالر ریکارڈ کی گئی۔ مالی سال 26۔2025 میں زراعت کے شعبے کی شرح نمو 5.3 فیصد رہی، خدمات کے شعبے میں شرح نمو 81.3 فیصد ریکارڈ کی گئی، صنعتی شعبے کی شرح نمو 34.3 فیصد رہی۔ مالی سال 26۔2025 میں پاکستان کی معیشت کا حجم 4.126 کھرب روپے ہوگیا، مالی سال 26۔2025 میں فی کس آمدن 5 لاکھ 31 ہزار 897 روپے رہی۔ مالی سال 26۔2025 کی پہلی سہ ماہی میں معاشی شرح نمو 89.3 فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق دوسری سہ ماہی میں معاشی شرح نمو 31.4 فیصد ریکارڈ کی گئی، تیسری سہ ماہی میں معاشی شرح نمو 42.4 فیصد رہی۔ مالی سال 26۔2025 کی آخری سہ ماہی میں معاشی شرح نمو 2 فیصد رہی۔ مالی سال 26۔2025 میں زراعت کے شعبے کی شرح نمو 50.3 فیصد رہی۔

بقیہ جات 8
کرنے اور تجارت میں سہولت فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق نائب وزیراعظم کی زیر صدارت ضروری اشیائے خورونوش کی برآمدات کا جائزہ لینے کے لیے قائم کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں ملکی رسد و طلب، مارکیٹ کی موجودہ صورتحال اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر توجہ مرکوز کی گئی کہ تجارت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملک میں اشیائے ضروریہ کی مناسب دستیابی اور قیمتوں کا استحکام بھی یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں قومی غذائی تحفظ و تحقیق اور موسمیاتی تبدیلی کے وزراء، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، تجارت اور قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے سیکرٹریز سمیت وفاقی اور صوبائی محکموں کے سینئر حکام نے شرکت کی

بقیہ جات 9
پر پہنچانا نا گزیر ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کا موقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے، پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آچکا ہے، مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم وغصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ 3 مالک کی سوچ کا مجموعہ ہے، تنازعات کے اثرات چاہے کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکراتی حل میں ناکامی، فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئے گا، مکہ الائنس کی قیادت اور لائحہ عمل واضح ہے کہ اس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں، یہ اتحاد کسی خاص ملک کے خلاف نہیں، اتحاد کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ خطے میں امن، استحکام، خوش حالی پر یقین رکھتے ہیں، مسلمانوں کو آپس میں لڑنے کے بجائے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔

بقیہ جات 10
قابو ہو کر پہلے ٹریلر سے ٹکرائی اور پھر خالی پلاٹ کی دیوار سے جا ٹکرائی، حادثے میں کار سوار پانچوں افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے لاشوں کو نشتر ہسپتال منتقل کر دیا، جاں بحق ہونے والے پانچوں افراد کا تعلق شجاع آباد سے تھا۔

بقیہ جات 11
کی زیر صدارت فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس ہوا جس دوران شہباز شریف نے کہا کہ ایف بی آر افسران کی ذمہ داری ہے کہ وہ قوم کی توقعات کے مطابق اپنی کارکردگی بہتر کریں، جاری اصلاحات ریاست کے وسیع تر مفاد میں ہیں، ان کا تسلسل ہر صورت جاری رہے گا، ٹیکس گیپ پر قابو پانے کے لیے ایف بی آر کی استعداد کار میں مسلسل بہتری لائی جائے۔ ٹیکس وصولی کے شعبوں میں فیس لیس نظام کے نفاذ میں مزید تیزی لائی جائے۔ وزیر اعظم نے واضح کیا کہ بدعنوانی اور ناقص کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھنے والوں کیلئے ادارے میں کوئی جگہ نہیں ہوگی، اصلاحات کو نتیجہ خیز بنانے کیلئے ٹیکنالوجی، شفافیت اور جوابدہی پر خصوصی توجہ دی جائے۔

بقیہ جات 12
منصوبے کے جائزہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ سول ایوی ایشن اتھارٹی کی ٹیمیں منصوبے پر کام کر رہی ہیں اور ایئرپورٹ کے رن وے کی توسیع سمیت مختلف امور پر پیشرفت جاری ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے رن وے کی توسیع کے کام کا معائنہ کیا اور منصوبے پر جاری پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈی آئی خان ایئرپورٹ کو بین الاقوامی پروازوں کے لئے اپ گریڈ کرنے سے علاقے کے عوام کو سفری سہولیات میسر آئیں گی اور جنوبی پنجاب میں ترقی و خوشحالی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے ڈی آئی خان کی ترقی کے لئے چار اہم منصوبوں کا اعلان کیا تھا جن میں ایئرپورٹ کی توسیع، کینسر ہسپتال کا قیام، سیوریج کا طویل المدتی منصوبہ اور سڑکوں کی توسیع و کشادگی شامل ہیں، سیوریج کا منصوبہ آئندہ 50 سال کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا جارہا ہے جبکہ سڑکوں کی بہتری اور کشادگی سے شہریوں کو آمدورفت میں آسانی میسر آئے گی، ان منصوبوں کی تکمیل سے ڈی آئی خان میں بنیادی سہولیات بہتر ہوں گی اور علاقے کی ترقی کو فروغ ملے گا۔ ملک میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے حوالے سے وفاقی وزیر برائے توانائی نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ طے شدہ منصوبے کے مطابق کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران امریکا جنگ کے باعث گیس کی فراہمی اور دستیابی سے متعلق پیدا ہونے والی مشکلات بجلی کی پیداواری لاگت پر اثر انداز ہو رہی ہیں جس کے باعث مہنگے ذرائع سے بجلی کی پیداوار کے مسائل درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بجلی چوری اور لائن لاسز پر قابو پانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی متعارف کرا رہی ہے، اس سلسلے میں ملک بھر میں ٹرانسفارمرز پر (اے پی ایم ایس) نصب کیا جارہا ہے جس کا مقصد بجلی چوری کی نشاندہی کر کے متعلقہ علاقوں میں موثر کارروائی کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اے پی ایم ایس کے ذریعے بجلی چوری والے مخصوص علاقوں کے ٹرانسفارمرز کی نشاندہی اور ضرورت کے مطابق انہیں بند کیا جاسکے گا تاکہ بجلی چوری کرنے والے صارفین کے خلاف کارروائی کے نتیجے میں پورے فیڈر کے ہزاروں بجلی صارفین کو متاثر نہ ہونا پڑے، اس جدید نظام سے بجلی چوری کی روک تھام، لائن لاسز میں کمی اور بجلی کی تقسیم کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے واضح کیا کہ 30 فیصد یا اس سے زائد نقصانات والے فیڈرز پر لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری رہے گا اور بجلی چوری کرنے والوں یا بجلی کے بل ادا نہ کرنے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بجلی کے نظام میں بہتری، نقصانات میں کمی اور صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ڈی آئی خان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے علاقے میں سفری سہولیات، صحت عامہ، نکاسی آب اور سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے میں نمایاں بہتری آئے گی جبکہ ایئرپورٹ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق اپ گریڈ کرنے سے ڈی آئی خان اور جنوبی پنجاب کے عوام کے لئے ترقی کے نئے راستے کھلیں گے۔ قبل ازیں پراجیکٹ ڈائریکٹر سول ایوی ایشن اتھارٹی نے وفاقی وزیر کو ائیرپورٹ کے توسیعی منصوبے بارے بریفنگ دی اور انہیں شیلڈ بھی پیش کی۔ وفاقی وزیر نے ائیرپورٹ توسیعی منصوبے پر شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا بھی لگایا اور دعا کی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی سردار عمار لغاری، رکن صوبائی اسمبلی علی یوسف لغاری، سابق ممبران صوبائی اسمبلی سردار یوسف لغاری اور حلیم شاہ بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 13
لئے اہم ہے، اس کی درست معلومات اور بروقت تشخیص سے قیمتی جانیں بچا سکتے ہیں۔ چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ چھاتی کے سرطان کی علامات اور احتیاطی تدابیر سے متعلق آگاہی عام کرنے کی ضرورت ہے، خواتین کو صحت کے مسائل پر بلا جھجک بات کرنے اور بروقت طبی مشورہ لینے کی ترغیب دی جائے، چھاتی کے سرطان کی علامات کو نظر انداز کرنے کے بجائے مستند طبی ماہرین سے رجوع کرنا چاہیے، خواتین کی صحت کے تحفظ کے لئے آگاہی مہمات اور طبی رہنمائی کو فروغ دینا ضروری ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے چھاتی کے سرطان کی تشخیص اور علاج کی سہولیات تک خواتین کی آسان رسائی یقینی بنانے پر زور دیا اور کہا کہ چھاتی کے سرطان سے متعلق معاشرتی جھجک اور بے بنیاد تصورات کا خاتمہ ضروری ہے، چھاتی کے سرطان سے متاثرہ خواتین کے ساتھ تعاون اور حوصلہ افزائی کا رویہ اپنانا چاہیے، چھاتی کے سرطان کے خلاف موثر جدوجہد میں طبی اداروں اور ذرائع ابلاغ کا کردار اہم ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے چھاتی کے سرطان کے خلاف آگاہی پھیلانے والے طبی ماہرین، اداروں اور سماجی کارکنوں کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ چھاتی کے سرطان سے متعلق درست معلومات خواتین کو صحت کے حوالے سے بہتر فیصلے کرنے میں مدد دیتی ہیں، خواتین کی صحت کا تحفظ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔

بقیہ جات 14
انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عاطف اکرام شیخ، ریجنل چیئرمین و نائب صدر ذکی اعجاز اور بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلوچستان کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کے نئے مواقع اجاگر کرنے کے لیے بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم 2026 کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ فورم 21 اکتوبر 2026 بکل بروز بدھ کو فلیٹیز ہوٹل لاہور میں ایف پی سی سی آئی اور بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلوچستان کے باہمی اشتراک سے منعقد ہوگا۔ فورم میں بلوچستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات، صنعتی ترقی، معدنی وسائل کے موثر استعمال اور کاروباری تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ فورم میں بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلوچستان کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالمنان سمیت مختلف سرکاری و متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام شرکت کریں گے۔ اس موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر لسبیلہ انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی لیاقت کشانی، بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹیوٹا) کے مینجنگ ڈائریکٹر عبدالکبیر زرکون، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، آر ایم ای فشریز سے مس رنگت نورالدین، ڈیرہ مائنز اینڈ منرلز کے ڈائریکٹر اکمل احمد خان اور سیکرٹری لائیو اسٹاک بلوچستان صالح محمد بلوچ اپنے اپنے شعبوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دیں گے۔ ذکی اعجاز اور بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، وسیع معدنی ذخائر، طویل ساحلی پٹی اور اہم جغرافیائی محل وقوع کے باعث سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کے غیر معمولی امکانات رکھتا ہے۔ صوبے کے وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لا کر نہ صرف مقامی معیشت کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے بلکہ قومی برآمدات، صنعتی پیداوار اور علاقائی تجارت میں بھی نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ ایران اور افغانستان کے ساتھ طویل سرحدوں اور بحیرہ عرب کے ساتھ طویل ساحلی پٹی کی بدولت بلوچستان پاکستان کو خلیجی ممالک، مشرق وسطیٰ اور وسطی ایشیا کی منڈیوں سے جوڑنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوادر پورٹ پاکستان کی تجارت، ٹرانزٹ اور لاجسٹکس کے شعبوں میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

بقیہ جات 15
دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں کی ہیں۔ پاکستان خود دہشت گردی کا شکار ملک ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے طویل عرصے سے اقدامات کرتا آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن کے قیام کی کوشش کی ہے اور علاقائی امن مذاکرات میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان ہمیشہ امن کی بات کرتا رہا ہے، جبکہ عالمی امن کے قیام کے لیے قطر بھی بطور ثالث اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان نے امریکا اور ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی اور دونوں ممالک کے درمیان امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ محسن نقوی نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے عالمی امن کے قیام کے لیے انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے مذاکرات کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر اور قطر کے وزیراعظم نے مسلسل 16 گھنٹے کام کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدہ جنگ کا نہیں بلکہ امن اور دفاع کا معاہدہ ہے، یہ معاہدہ علاقائی سلامتی کے لیے پاکستان کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ جات 16
میں منعقد ہوئی۔ جسٹس عامر فاروق نے جسٹس حسن اظہر رضوی سے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب میں ججز، عدالتی افسران، اسٹاف اور لاء افسران نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان 19 سے 22 اکتوبر تک آذربائیجان میں ترک دنیا کی آئینی عدالتوں اور آئینی دائرہ اختیار رکھنے والے اداروں کی کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی غیر موجودگی میں جسٹس حسن اظہر رضوی قائم مقام چیف جسٹس کے فرائض سرانجام دیں گے۔

بقیہ جات 17
میں چلی جاتی ہیں۔ آگاہی مہمات کے باعث مرض کی تشخیص کی شرح میں اضافہ تو ہو گیا تاہم سکریننگ اور علاج کیلئے مزید اقدامات درکار ہیں۔ ماہرین کے مطابق چھاتی کا سرطان قابل علاج ہے پھیلاؤ کی بڑی وجوہات سماجی شرم و جھجکاہٹ، لاعلمی اور بروقت تشخیص نہ ہونا ہے، 40 سال سے زائد عمر کی خواتین کیلئے ہر سال سکریننگ ٹیسٹ کروانا ضروری ہے

بقیہ جات 18
حکام کے مطابق مسافر بس رحیم یار خان سے سیہون شریف جارہی تھی کہ گھوٹکی کے قریب حادثے کا شکار ہوئی۔

بقیہ جات 19
فراہمی یقینی بنائی گئی، مریضوں کو طبی معائنے کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ مقامی افراد نے اس فلاحی کاوش پر پاک فوج کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے دور افتادہ علاقوں میں عوام کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات میسر آتی ہیں۔

بقیہ جات 20
کو حکومت نے 56 لاکھ کی سکالرشپ دی، خاتون ٹیچر نے تین سال تک یونیورسٹی میں خدمات سرانجام دینا تھی، خاتون ٹیچر تین سال میں 196 دن رخصت پر رہی۔ قائم مقام چیف جسٹس آئینی عدالت نے کہا کہ یونیورسٹی نے رخصت کی درخواستوں کو منظور کیا، خاتون ٹیچر نے استعفیٰ کیوں دیا، اسسٹنٹ پروفیسر کی سیٹ پر آپ نے خاتون کو سلیکٹ نہیں کیا، اسسٹنٹ پروفیسر کی سیٹ پر باہر سے بندہ لے آئے، سرکار کا پیسہ خرچ کر کے پی ایچ ڈی کرائی اسسٹنٹ پروفیسر آپ باہر سے لے آئے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ خاتون کی اپرو تعطیلات کو یونیورسٹی کیسے چیلنج کر سکتی ہے، جس نے رخصت منظور کی اس کے خلاف یونیورسٹی نے کیا ایکشن لیا۔ واضح رہے کہ عدالت نے یونیورسٹی خاتون ٹیچر سیدہ لیلیٰ کے حق میں فیصلہ برقرار رکھا۔

بقیہ جات 21
بڑھانے کی غرض سے فنانسنگ کا ہدف ڈیڑھ کھرب روپے مقرر کیا گیا ہے، اس پیشرفت کو کاروباری شعبے کی مالی ضروریات پوری کرنے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں تک قرضوں کی رسائی بڑھانے کی کوششوں کے تناظر میں اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایس ایم ایز کے قرضوں میں بہتری کے ساتھ ان کا انفیکشن ریشو بھی نمایاں طور پر کم ہوا ہے۔ سٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق انفیکشن ریشو 23 فیصد سے کم ہو کر 7.11 فیصد پر آگیا ہے، جو قرضوں کی ادائیگی کے معیار میں بہتری کی نشاندہی کرتا ہے، چھوٹے اور درمیانے کاروباری اداروں کے نان پرفارمنگ لونز کا حجم 80 ارب سے 125 ارب روپے کی حد میں رہا۔ ماہرین کے مطابق ایس ایم ایز کیلئے قرضوں کی فراہمی میں اضافہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے، تاہم مقررہ فنانسنگ ہدف کے حصول کیلئے کاروباری اداروں کو آسان شرائط پر قرضوں کی دستیابی اور مالیاتی سہولتوں تک رسائی اہم ہوگی۔

بقیہ جات 22
حکم نامہ جاری کردیا۔ واضح رہے کہ وقار النساء نامی شہری نے توہین عدالت کی درخواست دائر کر رکھی ہے۔ حکم نامے کے مطابق درخواست گزار کو سونے کی اینٹیں واپس کرنے کا حکم دیا گیا تھا، ان کے بدلے رقم ادا کرنے کا نہیں۔ درخواست گزار وکیل کے مطابق ادائیگی کے لیے سونے کی موجودہ قیمت کے بجائے 2023 کی قیمت مقرر کی گئی۔ سونے کی قیمت میں اضافے کا فائدہ ریاست کو کیوں دیا جائے جبکہ نقصان کا بوجھ درخواست گزار برداشت کرے۔ حکم نامے کے مطابق عدالت کو بتایا گیا کہ سونے کی اینٹیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کی جا چکی ہیں اور اب واپس حاصل نہیں کی جا سکتیں۔ کسٹمز ایکٹ کی دفعہ 169(4) ضبط شدہ اشیا کی فروخت اور حاصل شدہ رقم محفوظ رکھنے سے متعلق ہے۔ متعلقہ قانونی شق میں ضبط شدہ سونے کو ناقابل واپسی طور پر اسٹیٹ بینک کے حوالے کرنے کا ذکر نہیں۔ عدالت نے اپنے حکم نامے میں کہا کہ درخواست گزار کو موجودہ قیمت کے مقابلے میں کم رقم ملنے اور ریاست کو قیمت میں اضافے کا فائدہ پہنچنے کی کوئی تسلی بخش وضاحت نہیں دی گئی۔ درخواست گزار کے مطابق اسمگلنگ ثابت ہونے تک سونا ضبط نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت نے متعلقہ حکام کے جواب کو غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا اور کلکٹر کو 2 ہفتوں کے اندر اپنا جواب جمع کرانے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 2 نومبر تک ملتوی کر دی ہے۔ یاد رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے 2 ہفتوں میں سونا درخواست گزار کو واپس کرنے کا حکم دیا تھا اور عدالتی فیصلے پر عملدرآمد نہ ہونے پر توہین عدالت دائر کی گئی ہے۔

بقیہ جات 23
تحفظ کیلئے یہ اہم فیصلہ کیا۔ خاص طور پر خواتین اور بچوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے جاسوسی کے آلات پر پابندی کا فیصلہ کیا گیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق جاسوسی کے آلات کے ذریعے غیر قانونی نگرانی، ہراسانی اور بلیک میلنگ کی شکایات سامنے آئی ہیں، حکومت پنجاب شہریوں کے بنیادی حقوق، نجی معلومات اور ذاتی زندگی کے تحفظ کیلئے متحرک ہے، خفیہ کیمروں سے لیس روزمرہ استعمال کی اشیاء کے غیر قانونی استعمال پر سخت سزا ہوگی

بقیہ جات 24
عائد کردیا جبکہ شک کا فائدہ دیتے ہوئے مقدمے میں نامزد دیگر 3 ملزمان کو بری کردیا۔ پولیس کے مطابق 2022ء میں دوران فائرنگ میں 3 افراد جاں بحق اور 1 لڑکی زخمی ہوئی تھی۔ مقدمے میں نامزد 1 ملزم پولیس مقابلے کے دوران ہلاک ہو چکا ہے۔

بقیہ جات 25
تربیت وجیہہ قمر نے کہا ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی بصیرت افروز قیادت میں حکومت پاکستان بچوں کی تعلیم کے فروغ، سکولوں سے باہر بچوں کی تعلیمی اداروں میں واپسی اور معیاری تعلیم تک مساوی رسائی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ خوراک (ورلڈ فوڈ پروگرام) کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کے دوران کیا جس نے وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت میں ان سے ملاقات کی۔ وفد میں ڈبلیو ایف پی ہیڈ کوارٹرز روم کی چیف آف پروگرام آپریشنز (جی پی آئی) امرین کریم، ڈبلیو ایف پی پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر اجتبا ہرش، سینئر پروگرام پالیسی آفیسر کوپتا برہم بھٹ اور ڈبلیو ایف پی پاکستان کی پارٹنرشپس آفیسر روبینہ ذوالقرنین شامل تھیں۔ ملاقات میں پاکستان میں بچوں کی تعلیم کے فروغ، صنفی مساوات، جامع تعلیمی پالیسیوں، سکولوں میں غذائی پروگراموں اور تعلیمی اداروں میں بچوں کے داخلوں اور حاضری کی شرح بہتر بنانے کے لیے مشترکہ اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر مملکت وجیہہ قمر نے کہا کہ بچوں کی تعلیم محض ایک تعلیمی ترجیح نہیں بلکہ پاکستان کی سماجی و معاشی ترقی، خواتین کو بااختیار بنانے اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے تعلیمی ایمرجنسی وژن کے تحت بالخصوص پسماندہ اور دور دراز علاقوں میں بچوں کو تعلیمی مواقع فراہم کرنے اور سکولوں سے باہر بچوں کو دوبارہ تعلیمی نظام کا حصہ بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وجیہہ قمر نے سکولوں میں غذائی پروگراموں کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات نہ صرف بچوں کی غذائی ضروریات پوری کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں بلکہ سکولوں میں داخلوں، باقاعدہ حاضری اور تعلیم جاری رکھنے کی شرح میں اضافے کا بھی موثر ذریعہ ہیں۔ ملاقات کے دوران پاکستان کے قومی و بین الاقوامی تعلیمی اہداف، صوبائی سطح پر تعلیمی پیش رفت، بچیوں کی تعلیم میں حائل رکاوٹوں اور سکول میلو پروگرام میں صنفی مساوات کے اصولوں کو مزید موثر انداز میں شامل کرنے پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر مملکت نے پاکستان میں تعلیم اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں ورلڈ فوڈ پروگرام کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ دونوں جانب سے بچیوں کی تعلیم، تعلیمی شمولیت اور سکولوں میں غذائی پروگراموں کے فروغ کے لیے باہمی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور مشترکہ حکمت عملی کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ جات 26
کی ریپٹر گن برآمد کرلی۔ پولیس حکام نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے گرفتار ملزمان سے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ جات 27
پر جاری تعمیراتی و مرمتی کام کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں رنگ روڈ اتھارٹی کے افسران نے صوبائی وزیر کو جاری کاموں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رنگ روڈ اتھارٹی کی جانب سے نادرن لوپ کے مین کیرج وے پر سیل کوٹ کا کام جاری ہے جبکہ مین کیرج وے پر سڑک کی بحالی اور پائیداری کے لیے بھی کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ قائداعظم روڈ سے ایل ای پی ٹی تک سروس روڈ کی بحالی کا کام جاری ہے۔ سروس روڈ بحالی منصوبے کے پیکیج ون، ٹو اور تھری کا سب بیس کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ سڑکوں کی بحالی اور سفری سہولیات میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ جات 28
بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کے مطابق تجاوزات کے مکمل خاتمے تک یہ آپریشن جاری رہے گا اور غیر قانونی تعمیرات کے دوبارہ قیام کو روکنے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ شہریوں کو آمدورفت میں سہولت فراہم کرنے اور شاہراہوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے متعلقہ ادارے متحرک ہیں۔ شہریوں اور دکانداروں سے اپیل ہے کہ وہ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر غیر قانونی تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ جات 29
۔ وکیل کو سیلفیاں بنانے کے معاملے پر جسٹس خادم حسین سومرو سے معذرت کرنا پڑی۔

بقیہ جات 30
ہوں گے۔ اس سے قبل ایسے صارفین کو سمارٹ میٹر کے بجائے اسٹیٹک میٹر کی قیمت کا ڈیمانڈ نوٹس جاری کیا جاتا تھا، جس کی مالیت 5 ہزار 500 روپے تھی۔ لیسکو نے اب اسٹیٹک میٹر کی جگہ اے ایم آئی سمارٹ سنگل فیز میٹر کے ڈیمانڈ نوٹس جاری کرنا شروع کر دیئے ہیں، جس کے باعث میٹر میں ٹیمپرنگ یا بجلی چوری میں ملوث صارفین کو پہلے کے مقابلے میں زیادہ رقم ادا کرنا پڑے گی۔ اس اقدام کا مقصد بجلی چوری اور میٹر میں غیر قانونی ردوبدل کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔

بقیہ جات 31
۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق مزدور کی لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ جات 32
کرایہ دے۔ مہنگی ہونے سے نیا کاروبار شروع کرنا ناممکن ہو گیا ہے۔ ایف بی آر کے پیچیدہ نظام اور آئے روز نئے ٹیکسز نے تاجروں کو پریشان کر رکھا ہے۔ مہنگائی کی وجہ سے عوام کی قوت خرید ختم ہو گئی ہے، جس سے مارکیٹوں میں گاہک نہ ہونے کے برابر ہے۔ میاں شاہد حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کاروباری برادری کے لیے آسان پالیسی بنائی جائے، بجلی کے بلوں پر خصوصی سبسڈی دی جائے اور کاروبار دوست ماحول پیدا کیا جائے تاکہ معیشت کا پہیہ چل سکے اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔

بقیہ جات 33
کرایہ دے۔ مہنگی ہونے سے نیا کاروبار شروع کرنا ناممکن ہو گیا ہے۔ ایف بی آر کے پیچیدہ نظام اور آئے روز نئے ٹیکسز نے تاجروں کو پریشان کر رکھا ہے۔ مہنگائی کی وجہ سے عوام کی قوت خرید ختم ہو گئی ہے، جس سے مارکیٹوں میں گاہک نہ ہونے کے برابر ہے۔ میاں شاہد حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کاروباری برادری کے لیے آسان پالیسی بنائی جائے، بجلی کے بلوں پر خصوصی سبسڈی دی جائے اور کاروبار دوست ماحول پیدا کیا جائے تاکہ معیشت کا پہیہ چل سکے اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔

بقیہ جات 34
مبینہ طور پر وردی کی آڑ میں واردات کی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ شکایت موصول ہوتے ہی پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کردی۔ ریسٹورنٹ کی سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزم کی شناخت کی گئی اور اسے گرفتار کر کے چوری شدہ موبائل فون برآمد کرلیا گیا۔ موبائل فون کی فوری برآمدگی پر انڈونیشین شہری ڈیوی سوڈی آرسونے لاہور پولیس کا شکریہ ادا کیا اور پولیس کی کارروائی کو سراہا۔

بقیہ جات 35
نام پر روبن مسیح کو چھریوں کے وار کر کے قتل کیا اور لاش کھیتوں میں پھینک کر فرار ہو گئے تھے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق مقتول روبن مسیح نے تقریباً 16 سے 17 سال قبل مرکزی ملزم کی حقیقی والدہ سے شادی کی تھی، جسے پولیس قتل کی واردات کے پس منظر میں اہم پہلو قرار دے رہی ہے۔ واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری پر ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے پولیس ٹیم کے لیے تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ جات 36
جو بظاہر 15 روز پرانی معلوم ہوتی ہے۔ لوہاری گیٹ بخاری چوک کے قریب سے 70 سالہ بزرگ شہری کی لاش برآمد ہوئی، متوفی کی شناخت نذیر احمد ولد وزیر محمد کے نام سے ہوئی۔ شادمان مارکیٹ کے قریب سے 30 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے جو بظاہر نشے کا عادی معلوم ہوتا ہے۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاشیں ایدھی ایمبولینسز کے ذریعے مردہ خانے منتقل کردی گئیں۔

بقیہ جات 37
مالی فراڈ اور آن لائن گیمبلنگ ایپ کے ذریعے دھوکا دہی کے معاملات شامل ہیں۔ این سی سی آئی اے کے عاطف امیر کے مطابق انسٹاگرام اکاؤنٹ کے ذریعے چائلڈ پورنوگرافی اور بچوں کو قابل اعتراض مواد کی بنیاد پر بلیک میل کرنے میں ملوث ایک ملزم کا سراغ لگایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی مدد سے ملزم کی سرگرمیوں سے متعلق چھ مرتبہ انٹیلی جنس الرٹس موصول ہوئے جبکہ ملزم کے کمپیوٹر سے قابل اعتراض مواد پر مشتمل فولڈر بھی برآمد ہوا۔ حکام کے مطابق بینک کارڈ اسکیمنگ کے ذریعے مالی فراڈ میں ملوث ملزمان کو بھی ٹریس کیا گیا ہے۔ اس کیس میں ایک سول انجینئر سمیت دو تعلیم یافتہ نوجوان مبینہ طور پر ملوث ہیں۔ عاطف امیر کے مطابق ملزمان کال سینٹرز کے ذریعے بینک کارڈز کی معلومات حاصل کرتے اور یہ معلومات عمان اور واجد نامی افراد کو بھیجتے تھے، جس کے بعد کارڈز کے ذریعے رقم نکالنے کے واقعات سامنے آئے۔ متعلقہ بینکوں کو بھی معاملے سے آگاہ کیا جارہا ہے۔ این سی سی آئی اے نے پاکستانی اور بھارتی ملزمان پر مشتمل مبینہ بین الاقوامی مالی فراڈ نیٹ ورک کا بھی سراغ لگانے کا دعویٰ کیا ہے۔ عاطف امیر کے مطابق اس نیٹ ورک میں تین پاکستانی اور چار بھارتی ملزمان شامل ہیں۔ دیپ سنگھ اور اس کے چار ساتھی مبینہ طور پر کینیڈا میں رہتے ہوئے جعلی شناختی دستاویزات کے ذریعے بینک اکاؤنٹس کھلواتے اور مالی فراڈ میں ملوث تھے۔ حکام کا کہنا ہے کہ جعلی کارڈز اور پاسپورٹس کے ذریعے کھلوائے گئے اکاؤنٹس کے کارڈز بھارت میں موجود افراد کو فراہم کیے جاتے تھے۔ حکام کے مطابق آن لائن گیمبلنگ ایپ کے ذریعے مالی فراڈ کرنے والے چار تعلیم یافتہ نوجوانوں کو بھی ٹریس کیا گیا ہے۔ اس معاملے میں گیمنگ ایپ کو مبینہ طور پر مالی دھوکا دہی کے لیے استعمال کیا جارہا تھا۔ دوسری جانب این سی سی آئی اے نے لاہور اور ملتان میں کال سینٹرز کے خلاف بھی کارروائیاں کیں۔ عاطف امیر کے مطابق ان کارروائیوں کا مقصد کال سینٹرز کے ذریعے ہونے والے سائبر کرائم اور مالی فراڈ کی روک تھام ہے۔

بقیہ جات 38
باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مسلسل بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کردیا ہے عوام کی بڑی تعداد کے لئے گھر کا چولہا جلانا اور بچوں کو دو وقت کی روٹی فراہم کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ جبکہ مہنگائی کے باعث متعدد خاندان غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ایسے حالات میں عام آدمی کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ فیکٹریاں اور کارخانے بند ہونے، مارکیٹیں سیل ہونے اور کاروبار ٹھپ ہونے سے لاکھوں نوجوان بے روزگار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے کہا کہ اگر ایک طرف ترقیاتی کام جاری ہوں اور دوسری طرف غریب شہری بھوک اور بنیادی ضروریات کی کمی کا شکار ہوں تو حکومتی ترجیحات پر سوالات اٹھنا فطری امر ہے۔

بقیہ جات 39
کو صاف ستھرا بنانے کا تہیہ کرلیا ہے، صفائی ستھرائی اور تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز پشاور سے کیا ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ گندم کے حوالے سے بھی انکوائری شروع کردی ہے، جو گندم ہمیں ملی تھی وہ کیسے غائب کی گئی، حقائق سامنے لائیں گے، رپورٹ جلد جاری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اب صرف اچھے ترقیاتی پروجیکٹس ہوں گے، یہاں پر ترقیاتی کاموں پر چار چار مکھے پل بناتے تھے، جو ترقیاتی منصوبہ مفید نہ ہو اس پر کام نہیں کریں گے، پیسے کسی کو کھانے نہیں دیں گے۔ گورنر کے پی نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر میٹنگ بلائی ہے، ٹریفک نظام کو بہتر بنائیں گے، ٹریفک قوانین بننے جارہے ہیں، چالان کی شکایت ختم ہو جائے گی، باقاعدہ کیمروں کی مدد سے ٹریفک کا نظام بہتر بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی بڑھتی لوڈ شیڈنگ پر واپڈا کیساتھ بیٹھوں گا، بجلی چوری کا زمانہ بھی گیا، اب لوگ بل دیں گے، وہ زمانہ گیا کہ کہا جائے وفاق زیادتی کر رہا ہے، لوڈ شیڈنگ، گیس بند کر رہا ہے، بجلی اور گیس کا معاملہ جلد حل ہوگا۔

بقیہ جات 40
مقرر کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے 27 اضلاع میں 48 لاکھ 8 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے جبکہ بلوچستان کے 31 منتخب اضلاع میں 22 لاکھ 17 ہزار سے زائد بچوں کو اس مہم کے دوران حفاظتی قطرے پلانے کا منصوبہ ہے۔ اسی طرح وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 4 لاکھ 47 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ گلگت بلتستان کے 3 منتخب اضلاع میں ایک لاکھ 53 ہزار سے زائد بچوں جبکہ آزاد جموں و کشمیر کے 2 منتخب اضلاع میں ایک لاکھ 83 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق مہم کا مقصد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانا اور ملک سے اس موذی مرض کے خاتمے کی کوششوں کو مزید موثر بنانا ہے۔ والدین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔

بقیہ جات 41
شادی شدہ جوڑے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ جات 42
ورزیوں پر مجموعی طور پر 3 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسی طرح 68 اینٹوں کے بھٹوں کی بھی جانچ پڑتال کی گئی، جس کے نتیجے میں دو بھٹے سیل اور ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ محکمہ ماحولیات نے فضائی آلودگی کا باعث بننے والے بھٹوں اور صنعتی یونٹس کے خلاف کارروائیاں مزید سخت رکھنے کا عندیہ دیا ہے۔ باربی کیو اور کمرشل کلنگ پوائنٹس کے خلاف کارروائیوں کے دوران 18 مقامات کی انسپکشن کی گئی، دو مقامات کو سوگ نوٹس جاری کیے گئے جبکہ 10 مقامات پر سکشن ہڈز نصب کروائے گئے۔ ایک مقام کو سیل کرنے کے علاوہ 5 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ محکمہ ماحولیات نے واضح کیا ہے کہ باربی کیو اور کمرشل کلنگ پوائنٹس سے دھوئیں کے اخراج کو کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جائے گا اور ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ جات 43
امن کے قیام کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں۔ وفاقی وزیر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ جات 44
اور اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز نے فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔

بقیہ جات 45
رپورٹ میں اس پر تشدد کے شواہد سامنے نہیں آئے ہیں۔

بقیہ جات 46
کے ڈاکٹر سے اس کی تصدیق کروانا بھی لازم ہے، تصدیق شدہ میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ حج پورٹل پر اپ لوڈ کرنا ضروری ہے۔

بقیہ جات 47
بلکہ باہمی اخوت، احترام اور رشتوں کو مزید مضبوط بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سٹی سیکرٹری اطلاعات ونشریات میاں شان علی قمر نے اوورسیز پاکستانی حاجی صابر حسین صاحبزادہ عبدالرحمن کی دعوت ولیمہ کے موقع پر نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ ولیمہ کی پروقار تقریب میں سٹی صدر پی ٹی آئی میاں اعجاز جاوید، سٹی سیکرٹری اطلاعات ونشریات میاں شان علی قمر، قمر الزمان، حاجی شبیر حسین، میاں فرخ علی، عرفان علی، عبداللہ، فہد شمس، محمد اکرم فوجی، راشد رشید، عامر ندیم کے علاوہ سیاسی و سماجی اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ میاں شان علی قمر نے عبدالرحمن کو نئی زندگی کے آغاز پر دلی مبارکباد دی۔ اللہ آپ دونوں کی جوڑی کو ہمیشہ خوشحال رکھے اور آپ کی زندگی میں پیار اور اتفاق قائم رکھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اس نئے سفر کو آسان بنائے اور آپ کے گھر کو سکون، محبت اور برکتوں سے بھر دے۔ انہوں نے نو منتخب جوڑے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں زندگی کے اس نئے سفر میں بے شمار خوشیاں، محبت، سکون، اتفاق اور کامیابیاں عطا فرمائے، ان کے درمیان محبت اور خلوص ہمیشہ قائم رکھے اور ان کی ازدواجی زندگی کو خوشیوں، برکتوں اور آسانیوں سے بھر دے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ نیا جوڑا باہمی اعتماد، برداشت اور احترام کے ساتھ زندگی کے تمام مراحل طے کرے گا اور ایک خوشحال زندگی گزارے گا۔

بقیہ جات 48
زیادتی کے 36 واقعات رپورٹ ہوئے۔ ڈویژن کی سطح پر اعداد و شمار کے مطابق سٹی ڈویژن میں زیادتی کے 56 اور صدر ڈویژن میں 132 واقعات رپورٹ ہوئے۔ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 80 جبکہ ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 98 مقدمات درج کیے گئے۔ کینٹ ڈویژن میں رواں سال زیادتی کے 9 مقدمات درج ہونے کا ریکارڈ سامنے آیا ہے۔ اجتماعی زیادتی کے واقعات کے حوالے سے ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں سب سے زیادہ 10 مقدمات رپورٹ ہوئے جبکہ سول لائنز ڈویژن میں 3 مقدمات درج کیے گئے۔ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں اجتماعی زیادتی کے 6 اور سٹی ڈویژن میں 2 مقدمات کا اندراج ہوا۔ پولیس ریکارڈ میں سامنے آنے والے اعداد و شمار شہر میں خواتین اور بچیوں کے تحفظ کے حوالے سے تشویش ناک صورتحال کی نشاندہی کرتے ہیں۔ تاہم فراہم کردہ اعداد و شمار میں تمام ڈویژنوں کی تفصیلات شامل نہیں، اس لیے مجموعی تعداد اور ڈویژن وار اعداد و شمار کی مزید وضاحت ضروری ہے۔

بقیہ جات 49
کی منظوری دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ چار نئی پولیس چوکیوں کی عمارتوں کی تعمیر بھی رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں میں شامل ہے۔ منصوبوں کے لیے رواں مالی سال کے دوران 20 کروڑ روپے جاری کیے جائیں گے جبکہ چار کروڑ روپے دوسرے کوارٹر میں جاری کیے جا چکے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ ترقیاتی فنڈز کی کمی کے باعث رواں سال صرف سمارٹ پولیس اسٹیشنز کی اسکیم منظور کی گئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق پہلے سے منظور شدہ 87 ترقیاتی اسکیموں کی تکمیل کے لیے بھی حکومت کی جانب سے فنڈز جاری کیے جا رہے ہیں۔ دوسری جانب سیف سٹیز منصوبوں کے لیے 5 ارب 25 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 50
موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 1021 ڈرائیورز، 80 کم عمر ڈرائیور، 594 مسافر اور 199 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 262 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 305 متاثرین کے ساتھ پہلے، ملتان 114 حادثات میں 132 متاثرین کے ساتھ دوسرے فیصل آباد 103 حادثات میں 120 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1814 متاثرین میں 1413 مرد اور 401 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 417 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 887 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 510 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں موٹر سائیکلز، 109 آٹو رکشے، 176 کاریں، 32 وین، 7 مسافر بسیں، 35 ٹرک اور 73 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ جات 51
ہمارے شہداء قوم کا فخر اور پاکستان کی طاقت ہیں، ان کی قربانیاں ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گی یہ قربانیاں آئندہ نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ میجر وجاہت وحید شہید کے درجات بلند اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ جات 52
طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ بریسٹ کینسر ایک قابل علاج مرض ہے، خود پر توجہ دے کر اس کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے طلبہ سفیر بن کر سماجی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور اپنے اردگرد افراد کو آگاہی فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو مضبوط ہونے کے لئے مالی طور پر مستحکم ہونا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ملک بہت خوبصورت ہے جسے ہم نے مل کر بہترین بنانا ہے۔ انہوں نے بہترین تقریب کے انعقاد پر ڈاکٹر سونیا عمر اور اشتراکی اداروں کی کاوشوں کو سراہا۔ عائشہ منظور نے کہا کہ ماں کی صحت بگڑنے سے گھر کا نظام تباہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہروں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی خواتین کو آگاہی دینے کے لئے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ عمر آفتاب نے کہا کہ طرز زندگی کو بدل کر چالیس فیصد کینسر کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی جس طرح بریسٹ کینسر آگاہی میں تعاون کر رہی ہے وہ قابل ستائش ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر روبینہ ذاکر نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی بریسٹ کینسر کے تدارک کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ ڈاکٹر سونیا نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، پنک ربن پاکستان اور میسی لیب کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ جات 53
سپیشل خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے امکانات سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس کے تحت تجارت اور کاروباری اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈچ سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں اضافہ سے برآمدات، صنعتی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

بقیہ جات 54
بلاول اور جواد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس ترجمان کا کہنا ہے کہ ملزمان کے زیر استعمال موٹر سائیکلیں بھی تحویل میں لے لی گئی ہیں۔ پولیس کی جانب سے ون ویلنگ کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 55
شوکت علی چوہدری، شاہد اقبال دریاوہ، میاں شکیل احمد کے علاوہ وکلاء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ امیدوار برائے صدر سہیل اقبال ہرڑ نے کہا ہے کہ وکلاء کے انفرادی و اجتماعی مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے کالے کوٹ کے تقدس کی بحالی کیلئے بھرپور جدوجہد کی جائے گی وکلاء کو ان کا جائز مقام دلانے کیلئے مربوط لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا۔ تقریب سے صدارتی امیدوار سہیل اقبال ہرڑ نے بھی خطاب کیا اور وکلاء برادری کے اعتماد اور حمایت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے بار کی بہتری اور وکلاء کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ بیرسٹر رضوان سلہریا نے کہا کہ مضبوط اور متحد بار ہی آزاد عدلیہ، قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی کی حقیقی ضمانت ہے۔ وکلاء کی قیادت ایسے افراد کے ہاتھوں میں ہونی چاہیے جو پیشہ ورانہ وقار، اجتماعی مفادات اور نوجوان وکلاء کی ترقی کو اولین ترجیح دیں۔ شوکت علی چوہدری نے کہا کہ ہم تمام گروپ ممبران سہیل اقبال ہرڑ کی کامیابی کے لئے اپنا الیکشن سمجھ کر جدوجہد کریں گے۔ رانا شاہد امین نے کہا کہ سہیل اقبال ہرڑ وکلاء کے حقوق کے لئے جدوجہد کا بہت اچھا ریکارڈ رکھتے ہیں اور وہ بطور صدر بار کی عزت و احترام میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ میاں شکیل احمد نے کہا کہ سہیل اقبال ہرڑ کا ماضی وکلاء کی خدمت کرنے میں مثالی حیثیت کا حامل ہے۔

بقیہ جات 56
چیلنجز پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان شاء اللہ آنے والے دنوں میں ملکی حالات میں بہتری آئے گی اور پاکستان ترقی و استحکام کی جانب گامزن ہوگا۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے اس موقع پر کہا کہ حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حکومت پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان شاء اللہ دہشت گردی کے خلاف اس جدوجہد میں کامیابی پاکستان اور پاک فوج کا مقدر بنے گی۔ ملاقات کے دوران سیالکوٹ کی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور شہر میں بہتری کے مزید امکانات پر بھی گفتگو کی گئی۔ حاجی محمد طیب شیخ نے سیالکوٹ کی تعمیر و ترقی کے لیے خواجہ محمد آصف کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہر کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے کی جانے والی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ سیالکوٹ کی ترقی اور خوشحالی کا سفر آئندہ بھی جاری رہے گا اور عوامی فلاح کے لیے مزید مثبت اقدامات کیے جائیں گے۔ ملاقات میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ملک میں امن و استحکام، عوامی خوشحالی اور سیالکوٹ کی تعمیر و ترقی کے لیے مثبت سوچ، باہمی تعاون اور مشترکہ کوششوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ جات 57
اجلاس منعقد کیا گیا۔ ان چاروں اضلاع کے دو روزہ اجلاسوں میں ضلعی یوتھ اسمبلیوں کے اراکین، منتخب نمائندوں، سرکاری حکام، سول سوسائٹی سے وابستہ افراد اور متعلقہ شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ ان اجلاسوں کا مقصد مقامی طرز حکمرانی، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کی صلاحیت اور عوامی فیصلہ سازی میں نوجوانوں کی شرکت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ پہلا دن جنوبی پنجاب میں طرز حکمرانی اور موسمیاتی اقدامات سے متعلق ادارہ جاتی اور پالیسی فریم ورک پر مرکوز رہا۔ شرکاء نے ضلعی یوتھ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025ء اور بلدیاتی انتخابات کی پیش رفت پر دی گئی پریزنٹیشن میں شرکت کی۔ اس نشست میں مقامی آبادی کی ترجیحات کو پورا کرنے میں بلدیاتی حکومتوں کے کردار اور شہریوں، بالخصوص نوجوانوں، کے لیے مقامی فیصلہ سازی میں حصہ لینے کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ بعد ازاں، جناب بابر اقبال، ڈپٹی سیکرٹری/ممبر بورڈ آف ریونیو، جنوبی پنجاب نے کلائمیٹ ریزیلینٹ پنجاب وژن اینڈ ایکشن پلان 2024ء پر گفتگو کی۔ انہوں نے اس منصوبے کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور صوبائی پالیسی کے وعدوں کو موثر عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے چیلنجز پر روشنی ڈالی۔ ان کی گفتگو میں اداروں کے درمیان رابطہ و تعاون، ضلعی سطح پر پالیسیوں پر عمل درآمد اور موسمیاتی خطرات سے نمٹنے میں سرکاری اداروں کے کردار کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ اس کے بعد ضلعی یوتھ اسمبلی سیکرٹریٹ نے "موسمیاتی اقدامات اور طرز حکمرانی میں نوجوانوں کے کردار کو مضبوط بنانے کے لیے مسودہ اسٹریٹجک ایکشن پلان" پیش کیا۔ اس منصوبے میں فیصلہ سازی میں نوجوانوں کی شرکت بڑھانے اور موسمیاتی تبدیلیوں اور ترقیاتی پالیسیوں کے ذمہ دار اداروں کے ساتھ ان کی موثر شمولیت کو فروغ دینے کے لیے سفارشات پیش کی گئیں۔ دوسرے دن شرکاء کی جانب سے تیار کردہ ڈیجیٹل اسٹوری ٹیلنگ مہم کی ویڈیوز پیش کی گئیں، جن میں ان کی مقامی برادریوں کو درپیش موسمیاتی مسائل کو اجاگر کیا گیا۔ پروگرام میں جناب جاوید اقبال، دوآب فاؤنڈیشن نے بھی چاروں اضلاع میں ہیٹ ویو کے بڑھتے ہوئے خطرات پر ایک ماہرین کی پریزنٹیشن پیش کی۔ اس نشست میں بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے مقامی آبادیوں پر اثرات اور موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کے لیے تیاری اور موافقت کی موثر حکمت عملی وضع کرنے کی غرض سے ضلعی سطح پر موسمیاتی کمزوریوں کو سمجھنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔ محترمہ سومیہ عطا شاہانی، رکن صوبائی اسمبلی پنجاب نے بھی لیہ کے اجلاس کے دوران ضلعی یوتھ اسمبلی کے اراکین سے تبادلہ خیال کیا۔ اس ملاقات نے نوجوانوں کے تجربات اور ضلعی سطح پر درپیش مسائل کو پالیسی مباحث اور ادارہ جاتی اقدامات سے مربوط کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ دوسرے مرحلے کے اجلاسوں میں پارلیمانی طرز کے مباحثے مرکزی اہمیت کے حامل رہے۔ ہر روز کے اختتام پر باقاعدہ ووٹنگ کے ذریعے دو قراردادیں منظور کی گئیں۔

بقیہ جات 58
جارہے ہیں۔ سی ٹی او لاہور نے واضح کیا کہ روٹ پرمٹ، فٹنس سرٹیفکیٹ اور درست ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر چلنے والی منی مزدا گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ لاہور میں 22 ہزار مزدا گاڑیاں رجسٹرڈ ہیں جبکہ 11 فیصد مہلک ٹریفک حادثات مزدا ڈرائیورز کی غفلت کے باعث رونما ہوئے۔ ملاقات میں اوور اسپیڈنگ، ڈرائیونگ میں غفلت اور ممنوعہ سڑکوں پر گاڑیاں چلانے کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائی پر اتفاق کیا گیا۔ منی مزدا گڈز ایسوسی ایشن نے اپنے تمام ڈرائیورز کے کوائف فراہم کرنے اور کریمنل ریکارڈ رکھنے یا بار بار حادثات کا سبب بننے والے ڈرائیورز کو گاڑیاں نہ چلانے دینے کی یقین دہانی بھی کروائی۔ مزید برآں، مزدا ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین سے آگاہی دینے اور حادثات کی روک تھام کے لیے خصوصی ریفریشر کورسز کروانے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ جات 59
یور پستول استعمال کیا گیا جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی شناخت بھی ہوگئی ہے۔ پولیس کے مطابق تاحال یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ انہیں کیوں نشانہ بنایا ہے تاہم اس ضمن میں ورثا کے آنے کے بعد ہی مزید قانونی کارروائی آگے بڑھائی جاسکے گی۔

بقیہ جات 60
فراموش ہیں، شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ جات 61
تربیت 16 اکتوبر کو ہوئی جبکہ آئی ٹی ٹیچرز، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز (اے ای اوز) اور ہیڈ ٹیچرز کے لیے آن لائن تربیتی سیشنز 17 سے 19 اکتوبر تک منعقد کیے جائیں گے۔ ہر تحصیل سے نامزد مرد اور خاتون آئی ٹی ٹیچرز کو ماسٹر ٹرینرز بنایا جائے گا۔ سکول شماری کے لیے تمام ہائی اور ہائرسیکنڈری سکولوں کے آئی ٹی ٹیچرز کی تربیت کے ساتھ مساجد مکتب، پرائمری اور ایلیمنٹری سکولوں کے سربراہان کو بھی تربیت دی جائے گی۔ شیڈول کے مطابق ماڈیول کی تیاری کے لیے 19 اور 20 اکتوبر کو آزمائشی سرگرمی بھی ہوگی۔ متعلقہ حکام نے تمام نامزد افسران اور اساتذہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تربیتی سیشنز میں اپنی شرکت یقینی بنائیں تاکہ سالانہ سکول شماری کا عمل مقررہ وقت میں مکمل کیا جا سکے۔

بقیہ جات 62
کے مطابق چیکنگ کے دوران انکشاف ہوا کہ سنوکر کلب میں بجلی کا استعمال مبینہ طور پر غیر قانونی ڈائریکٹ سپلائی کے ذریعے کیا جا رہا تھا، جس کے باعث بجلی کے محکمے کو لاکھوں روپے کے مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ لیسکو ٹیم نے موقع پر بجلی چوری کی نشاندہی کرتے ہوئے ضروری شواہد اکٹھے کر لیے ہیں۔ بجلی کے غیر قانونی استعمال میں ملوث ذمہ داران کے خلاف محکمانہ ضابطوں اور متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی کی جارہی ہے جبکہ بجلی چوری کے جرمانے اور ڈیٹیکشن بل کے اجرا سمیت مقدمے کے اندراج کے لیے بھی ضروری اقدامات عمل میں لائے جارہے ہیں۔

بقیہ جات 63
لیے ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کے 6.9 ارب روپے کے بجٹ کی منظوری دی گئی جبکہ گل داؤدی نمائش 2027ء کے انعقاد کے لیے 50 ملین روپے (5 کروڑ روپے) مختص کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔ بورڈ نے ادارہ جاتی امور میں بہتری اور انتظامی ڈھانچے کو موثر بنانے کے لیے حکومت پنجاب کے سروس رولز، پنشن رولز اور پیڈا ایکٹ اپنانے کی سفارش کی۔ اسی طرح اے ایم ڈی ہیڈ کوارٹرز کے عہدے کا نام تبدیل کر کے اے ایم ڈی آپریشنز اور پراجیکٹ ڈائریکٹر کے عہدے کا نام تبدیل کر کے ڈائریکٹر ہارٹیکلچر رکھنے کی سفارش بھی کی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور ڈیپازٹ ورکس پر مقررہ 12.5 فیصد سروس چارجز وصول کرنے کی مجاز ہوگی۔ اس کے علاوہ آؤٹ ڈور ایڈورٹائزمنٹ کے نرخوں میں 5 فیصد اور تفریحات کے لیے پارکس کی بکنگ کے نرخوں میں 10 فیصد اضافے کی منظوری دی گئی۔ لیز کی شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں ڈائریکٹر کوآرڈی نیشن کو جرمانہ عائد کرنے کا اختیار دینے کی منظوری بھی دی گئی۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت فاطمہ جناح پارک، شادمان، کو کریسنٹ اسکول کے زیر انتظام دینے کی منظوری دی گئی۔ پارکس میں عوامی سہولتوں کو بہتر بنانے کے لیے ایگزیکٹو واش رومز کی تعمیر اور گریٹر اقبال پارک میں سینما اور اوپن تھیٹر کرائے پر دینے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں فیلڈ اسٹاف اور سکیورٹی اسٹاف کے لیے یکساں یونیفارم فراہم کرنے جبکہ فیلڈ آپریشنز کے لیے گاڑیوں کی ضروری ڈینٹنگ اور پینٹنگ کروانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اجلاس میں ادارے کے انتظامی، مالی اور آپریشنل امور سے متعلق مختلف تجاویز کا جائزہ لیتے ہوئے ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کی کارکردگی بہتر بنانے اور شہریوں کو معیاری سہولتیں فراہم کرنے کے لیے اقدامات پر غور کیا گیا۔

ملک بھر میں 2 نومبر سے انسدادِ پولیو مہم شروع ہو گی

پنجاب کے 13 منتخب اضلاع، سندھ کے 20، خیبر پختونخوا کے 27، بلوچستان کے 31 اضلاع، اسلام آباد میں 4 لاکھ 47 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے

مہم کے دوران پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گے۔صوبہ وار

لاہور (سٹاف رپورٹر) ذیلی قومی انسداد پولیو مہم 2 سے 8 نومبر تک جاری رہے گی جس کے دوران ملک بھر کے منتخب اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (نیشنل ای او سی) کے مطابق مہم کے دوران پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گے۔ صوبہ وار تفصیلات کے مطابق پنجاب کے 13 منتخب اضلاع میں 92 لاکھ 78 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، جبکہ سندھ کے 20 منتخب اضلاع میں 68 لاکھ 83 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 40)



لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے منعقدہ بریسٹ کینسر بارے آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں



لاہور: ایف پی سی سی آئی کے ریجنل چیئرمین و نائب صدر ذکی اعجاز پریس کانفرنس کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں اب تجاوزات کی کوئی جگہ نہیں، گرینڈ آپریشن شروع

ڈپٹی کمشنر پشاور کی موجودگی میں بھاری مشینری کی مدد سے درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات مسمار

پشاور (سٹاف رپورٹر) پشاور رنگ روڈ پر تجاوزات کے خلاف بڑے آپریشن کا آغاز ہو گیا، گڑھی قمر دین میں درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کی موجودگی میں بھاری مشینری کی مدد سے درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دی گئیں۔ آپریشن میں پی ڈی اے سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے اہلکار حصہ لے رہے ہیں۔ کارروائی کا مقصد رنگ روڈ اور ملحقہ علاقوں سے تجاوزات کا خاتمہ، سڑک کی حدود بحال کرنا اور ٹریفک کی روانی بہتر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 28)



کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عدالت میں دورانِ سماعت وکیل کو سیلفیاں بنانا مہنگا پڑ گیا

جسٹس خادم حسین سومرو کا وکیل کی جانب سے سیلفیاں بنانے پر اظہار برہمی، معافی مانگ لی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران وکیل کو سیلفیاں بنانا مہنگا پڑ گیا۔ کمرہ عدالت میں کیس کی سماعت کے دوران جسٹس خادم حسین سومرو نے وکیل کو سیلفی بناتے ہوئے دیکھا تو برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ وکیل صاحب یہ کیا کر رہے ہیں آپ، کچھ خدا کا خوف کریں، یہ عدالت ہے لہٰذا عدالت کے ڈیکورم کا کم از کم خیال رکھیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 29)

لیسکو کا بجلی چوری پر صارفین سے سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کرنے کا فیصلہ

ٹمپرنگ، بجلی چوری میں ملوث صارفین کو سمارٹ سنگل فیز میٹر کی مد میں 14 ہزار 400 ادا کرنا ہوں گے

لاہور (این این آئی) بجلی چوری اور میٹر میں ٹمپرنگ کرنے والے صارفین کے خلاف کارروائی کے تحت اے ایم آئی سمارٹ سنگل فیز میٹر کی قیمت وصول کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے میٹر میں ٹمپرنگ یا بجلی چوری کے لیے ہیرا پھیری کی صورت میں صارفین سے سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کرنا شروع کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق میٹر میں ٹمپرنگ اور بجلی چوری میں ملوث صارفین کو اب اے ایم آئی سمارٹ سنگل فیز میٹر کی مد میں 14 ہزار 400 روپے ادا کرنا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 30)



اسلام آباد: جسٹس حسن اظہر رضوی نے بطور قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت حلف اٹھا لیا

ڈیفنس سی میں زیر تعمیر دیوار گرنے سے مزدور جاں بحق، 2 افراد زخمی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈیفنس سی کے علاقے میں زیر تعمیر دیوار گرنے سے ایک مزدور جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے۔ حادثے کے بعد پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے مزدور کی شناخت 43 سالہ رمضان کے نام سے ہوئی ہے۔ حادثے میں زخمی ہونے والے دونوں افراد کو ریسکیو اہلکاروں نے طبی امداد فراہم کرنے کے بعد قریبی ہسپتال منتقل کر دیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 31)

کاروباری برادری کو درپیش چیلنجز میں اضافہ، حکومت فوری ریلیف دے، میاں شاہد حسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) معروف کاروباری، سماجی شخصیت و کینیڈا بزنس کمیونٹی کے صدر میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ ملک میں کاروباری طبقہ اس وقت شدید مشکلات اور چیلنجز سے دوچار ہے، مہنگائی، بلند شرح سود اور بھاری بھر کم بجلی کے بلوں اور ٹیکسز نے کاروبار کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری کو اس وقت جن اہم چیلنجز کا سامنا ہے ان میں پیداواری لاگت میں 200 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے، چھوٹا تاجر بجلی کا بل ادا کرے یا دکان کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 32)

پنجاب میں سپیشل برانچ کے لیے نئے انٹیلی جنس آپریٹرز بھرتی کرنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے سپیشل برانچ میں انٹیلی جنس آپریٹرز کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کا فیصلہ کر لیا۔ انٹیلی جنس کیڈر کی 113 آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کو سمری بھجوائی گئی تاہم محکمہ خزانہ نے مالی وسائل کی کمی کے باعث 113 کے بجائے 61 اہلکار بھرتی کرنے کی سفارش کر دی۔ دستیاب تفصیلات کے مطابق سپیشل برانچ میں انٹیلی جنس آپریٹرز کی بی ایس 7 کی 113 خالی آسامیوں پر بھرتیوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 33)

ایف سی بلوچستان کے تحت ستمبر میں 63 فری میڈیکل کیمپس، 8 ہزار سے زائد مریض مستفید

فری میڈیکل کیمپس قلعہ سیف اللہ، ژوب، بادینی، شیرانی، مرغا فقیر زئی، پشین اور دیگر علاقوں میں لگائے گئے

کوئٹہ (این این آئی) ایف سی بلوچستان دفاعِ وطن کے ساتھ صوبے کے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں بھی سرگرم ہے۔ ستمبر کے دوران صوبے کے دور دراز علاقوں میں 63 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جن سے 8 ہزار 150 مریض مستفید ہوئے۔ فری میڈیکل کیمپس قلعہ سیف اللہ، ژوب، بادینی، شیرانی، مرغا فقیر زئی، پشین اور دیگر علاقوں میں لگائے گئے جہاں مریضوں کا مفت طبی معائنہ کرنے کے ساتھ انہیں علاج اور ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ میڈیکل کیمپس میں بچوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کی صحت پر خصوصی توجہ دی گئی جبکہ مقامی آبادی کو صحت سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی گئی۔



صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر یو سی پر ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

وفاق کے ساتھ چلیں گے، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی

پشاور (سٹاف رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وفاق کے ساتھ چلیں گے، سب صوبوں کے ساتھ 1 پیج پر ہوں گے، اب ہمارے اختلافات نہیں ہوں گے، ایک یونٹ ہوں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے پورے صوبے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 39)

ارحم ادریس باجوہ ایڈووکیٹ: پاکستان کا بھوک سے متاثرہ دس ممالک میں شمار لمحہ فکریہ

مہنگائی، بے روزگاری نے غریب عوام کی مشکلات بڑھا دیں، ارحم ادریس باجوہ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ارحم ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کا بھوک سے متاثرہ دس ممالک میں شمار ہونا حکمرانوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے، غربت اور بھوک کے بڑھتے ہوئے مسائل کی نشاندہی تشویش کا باعث ہے حکومت کو ان اعداد و شمار کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے غربت کے خاتمے اور عوام کو بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر آٹا، چینی، گھی، دال، بجلی، گیس، پٹرول، ادویات، سمیت اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے بیروزگاری کی شرح میں خطرناک حد تک اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ ارحم ادریس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 38)

پولیس نے غیر ملکی شہری کا چوری شدہ موبائل دو گھنٹے میں برآمد کر لیا، ملزم گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) قلعہ گجر سنگھ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے انڈونیشین شہری ڈیوی سوئی آرسو کا چوری شدہ موبائل فون دو گھنٹے میں برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق چوری شدہ موبائل فون کی مالیت 80 ہزار روپے ہے جبکہ ملزم کاشف کو کیلوریز گراؤنڈ سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم سکیورٹی گارڈ ہے جس نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 34)

مناواں میں سرکٹی لاش ملنے کا معمہ حل

لاہور (سٹاف رپورٹر) مناواں میں شہری روبین مسیح کی کھیتوں سے سرکٹی لاش ملنے کے واقعے کا معمہ حل ہو گیا، پولیس نے قتل میں ملوث مرکزی ملزمان پکڑا اور بھتیجے کو گرفتار کر لیا۔ ڈی ایس پی انویسٹی گیشن باغبانپورہ سجاد احمد گورائیہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے غیرت کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 35)

کیمپ جیل کا قیدی دورانِ علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) کیمپ جیل کا قیدی دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا جبکہ لاہور کے مختلف علاقوں سے تین افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ کیمپ جیل کے قیدی 42 سالہ محسن کو طبیعت ناساز ہونے پر ہسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں وہ دوران علاج دم توڑ گیا۔ مانگا منڈی میں جوہڑ سے 35 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 36)

این سی سی آئی اے کی بڑی کارروائیاں، پانچ بین الاقوامی سائبر کرائم کیسز ٹریس

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں سائبر کرائم کے خلاف کارروائیوں کے دوران نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے پانچ بڑے بین الاقوامی کیسز ٹریس کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ حکام کے مطابق ان کیسز میں چائلڈ پورنوگرافی اور بلیک میلنگ، چیک کارڈ اسکیمنگ، جعلی شناختی دستاویزات کے ذریعے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 37)

مزنگ اڈا میں گیس لیکیج سے آگ بھڑک اٹھی، 2 افراد زخمی

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کے علاقے مزنگ اڈا میں سلنڈر سے گیس لیکیج کے باعث آگ لگنے کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیم موقع پر پہنچ گئی جبکہ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ بعد ازاں دونوں زخمیوں کو مزید علاج کے لیے میو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

عظمیٰ بخاری کی صاحبزادی ودیعت فاطمہ رشتہ ازدواج میں منسلک

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کی صاحبزادی ودیعت فاطمہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئیں۔ ودیعت فاطمہ کا نکاح پیر سید موسیٰ رضا کے ساتھ ہوا، جس میں سیاسی و سرکاری شخصیات نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے دوران عظمیٰ بخاری نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے دولہا کا تعارف کرایا۔ نکاح کی تقریب میں صوبائی وزیر صحت سلمان رفیق، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ظہیر اقبال چنڑ، معاون خصوصی سلمیٰ بٹ اور پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان بھی شریک ہوئیں۔ تقریب میں شریک مہمانوں نے نئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 41)

پنجاب میں سموگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، 4 صنعتی یونٹس اور بھٹے سیل

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی جی ماحولیات عبداللہ نیئر شیخ کی نگرانی میں فضائی آلودگی اور سموگ کے تدارک کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈرون سکواڈ اور پاک آئی فیلڈ سکواڈ آلودگی پھیلانے والے صنعتی یونٹس، اینٹوں کے بھٹوں اور کمرشل کلنگ یونٹس کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ محکمہ ماحولیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 27 صنعتی یونٹس کی انسپکشن کی گئی، جس کے دوران دو یونٹس کو سموگ نوٹس جاری کیے گئے، دو یونٹس سیل جبکہ خلاف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 42)

علیم خان کا میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہارِ افسوس

میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے، عبدالعلیم خان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجی دھماکے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اظہار افسوس کرتے ہوئے شہید کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وفاقی وزیر اور صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے پنجی میں دھماکے کے نتیجے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے، عبدالعلیم خان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے۔ صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا وطن کے دفاع اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 43)



لاہور: [illegible] کا گروپ فوٹو

اوکاڑہ، پولیس مقابلے میں 51 مقدمات میں ملوث ڈاکو ہلاک، 2 فرار

ہلاک ڈاکو کی شناخت اللہ رکھا کے نام سے ہوئی، ملزم کے قبضے سے موٹر سائیکل اور اسلحہ بھی برآمد، پولیس

اوکاڑہ (سٹاف رپورٹر) اوکاڑہ میں تھانہ صدر رینالہ خورد کے علاقے 3 ون ایل موڑ پر مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گیا جبکہ اس کے دو ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ڈاکو کی شناخت اللہ رکھا کے نام سے ہوئی ہے جو اقدام قتل اور رابری سمیت 51 سنگین جرائم میں ملوث تھا۔ ملزم کے قبضے سے موٹر سائیکل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 44)

لاہور، تھانہ ڈیفنس سی میں چیک ڈس آنر کیس کا زیر حراست ملزم جاں بحق

40 سالہ ملزم امجد بشیر چیک ڈس آنر کیس میں گرفتار تھا، طبیعت بگڑنے پر اسے اسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کے تھانہ ڈیفنس سی میں چیک ڈس آنر کیس کا ملزم پولیس کی حراست میں جاں بحق ہو گیا، ترجمان پولیس کے مطابق میڈیکل رپورٹ میں ملزم پر تشدد کے شواہد سامنے نہیں آئے۔ ترجمان انویسٹی گیشن پولیس کے مطابق 40 سالہ ملزم امجد بشیر چیک ڈس آنر کیس میں گرفتار تھا، طبیعت بگڑنے پر اسے اسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔ میڈیکل رپورٹ کے مطابق ملزم کی ہلاکت حرکت قلب بند ہونے سے ہوئی۔ ترجمان کے مطابق ملزم ریکارڈ یافتہ تھا، میڈیکل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 45)



لاہور: پاکستان تحریک انصاف کے صدر چودھری پرویز الٰہی سے ملاقات کر رہے ہیں

سرکاری حج سکیم واجبات کی دوسری قسط جمع کرانے کیلئے آج آخری دن

حج پورٹل پر بینک کارڈ، ون لنک یا دستی بینک چالان کے ذریعے ادائیگی کی سہولت دستیاب ہے، ترجمان

عازمینِ حج واجبات کی ادائیگی کے لیے نیشنل آئی ٹی بورڈ کا حج پورٹل یا پاک حج ایپ استعمال کر سکتے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سرکاری حج سکیم کے تحت حج واجبات کی دوسری قسط جمع کرانے کے لیے (آج) 20 اکتوبر منگل کو آخری دن ہے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور نے سرکاری عازمین حج کو ہدایت کی کہ وہ 20 اکتوبر تک واجبات کی ادائیگی لازمی مکمل کر لیں۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق عازمین حج واجبات کی ادائیگی کے لیے نیشنل آئی ٹی بورڈ کا حج پورٹل یا پاک حج ایپ استعمال کر سکتے ہیں، حج پورٹل پر بینک کارڈ، ون لنک یا دستی بینک چالان کے ذریعے ادائیگی کی سہولت دستیاب ہے۔ ترجمان نے ہدایت کی ہے کہ حج درخواست کی منسوخی سے بچنے کے لیے واجبات مقررہ وقت کے اندر جمع کروائے جائیں۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق عازمین حج کے لیے حج پورٹل پر موجود میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 46)



لاہور: لیسکو کے کوآرڈینیٹر شہباز حیدر یونین کونسل 68 میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مینہ سوعطا شاہانی کی لیہ سے اجلاس میں نوجوان اراکین سے گفتگو

ملتان میں چار اضلاع کی یوتھ اسمبلیوں کے اجلاس منعقد موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں نوجوانوں کا کردار مضبوط بنانے پر غور

دوسرے مرحلے کے اجلاسوں میں پارلیمانی طرز کے مباحثے مرکزی اہمیت کے حامل رہے۔ ہر روز کے اختتام پر باقاعدہ ووٹنگ کے ذریعے دو قراردادیں منظور کی گئیں

ملتان (پ ر) مظفر گڑھ، لیہ، جھنگ اور کوٹ ادو کی ضلعی یوتھ اسمبلیوں (DYAs) کے نوجوان اراکین نے "رائزنگ لیڈرز: یوتھ ان کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ گورننس" (Youth in:Rising Leaders Climate Leadership Governance) کے تحت اجلاسوں کے دوسرے مرحلے میں دوبارہ ملتان میں شرکت کی۔ یہ تین سالہ منصوبہ یورپی یونین کے تعاون سے جاری ہے، جسے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی (پلڈاٹ PILDAT)، سوشل یوتھ کونسل آف پیٹریاٹس (SYCOP) کے اشتراک سے نافذ کر رہا ہے۔ کوٹ ادو، جھنگ اور مظفر گڑھ کے اجلاس کیم سے 6 اکتوبر 2026 تک منعقد ہوئے، جبکہ لیہ کا اجلاس 16 اور 17 اکتوبر 2026 کو ہوا۔ ہر ضلع میں دو روزہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 57)





سیالکوٹ: اوورسیز پاکستانی حاجی صابر حسین کے صاحبزادہ عبدالرحمن کی دعوت ولیمہ کے موقع پر سٹی صدر پی ٹی آئی میاں اعجاز جاوید، سٹی سیکرٹری اطلاعات و نشریات میاں شان علی قمر، و دیگر کا گروپ فوٹو

حاجی محمد طیب شیخ کی وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات

دہشت گردی کے خلاف حکومت اور پاک فوج کی کوششیں قابل تحسین

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر باباز بابا سیالکوٹ حاجی محمد طیب شیخ نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی، جس میں ملک کی موجودہ صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات، عوامی فلاح و بہبود اور سیالکوٹ کی تعمیر و ترقی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر حاجی محمد طیب شیخ نے دہشت گردی کے خلاف حکومت کی کوششوں اور پاک فوج کے کردار کو سراہتے ہوئے خواجہ محمد آصف کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت مشکل حالات سے گزر رہا ہے، تاہم قوم کے حوصلے بلند ہیں اور باہمی اتحاد، یکجہتی اور ثابت قدمی کے ذریعے ان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 56)



سیالکوٹ: ڈائریکٹر باباز بابا سیالکوٹ حاجی محمد طیب شیخ نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب گروپ فوٹو

شادی خوشی، محبت اور رشتوں کو مضبوط بنانے کا حسین موقع ہے، میاں شان علی قمر

جو محبت، اعتماد، خلوص اور باہمی احترام کے خوبصورت رشتے سے جڑا ہوتا ہے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سٹی سیکرٹری اطلاعات و نشریات میاں شان علی قمر نے کہا ہے کہ شادی خوشی، محبت اور رشتوں کو مضبوط بنانے کا حسین موقع ہے، شادی زندگی کے نئے سفر کا آغاز ہے، جو محبت، اعتماد، خلوص اور باہمی احترام کے خوبصورت رشتے سے جڑا ہوتا ہے۔ ایسی خوشیوں بھری تقریبات میں عزیز و اقارب اور دوست احباب کی شرکت خوشیوں کو دوبالا کر دیتی ہے اور باہمی تعلقات کو مزید مستحکم بناتی ہے۔ شادی خوشی، مسرت اور باہمی محبت کا خوبصورت موقع ہے، ایسی تقریبات نہ صرف خاندانوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کا ذریعہ بنتی ہیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 47)

خواتین، بچیوں سے زیادتی اور اجتماعی زیادتی کے واقعات میں ریکارڈ اضافہ

رواں سال زیادتی کے واقعات میں 20 فیصد، اجتماعی زیادتی کے مقدمات میں 38 فیصد اضافہ ہوا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں خواتین اور بچیوں سے زیادتی اور اجتماعی زیادتی کے واقعات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال زیادتی کے واقعات میں 20 فیصد جبکہ اجتماعی زیادتی کے مقدمات میں 38 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال کے دوران لاہور میں زیادتی کے 498 جبکہ اجتماعی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 48)

لاہور سمیت 4 اضلاع میں نئے سمارٹ پولیس اسٹیشنز کی تعمیر منظور

سمارٹ پولیس اسٹیشنز اور چوکیوں کی تعمیر کے منصوبوں پر مجموعی طور پر 52 کروڑ روپے خرچ ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب پولیس کے لیے رواں مالی سال کے دوران لاہور سمیت چار اضلاع میں چار نئے تھانوں اور چار نئی پولیس چوکیوں کی عمارتیں تعمیر کی جائیں گی۔ پولیس حکام کے مطابق سمارٹ پولیس اسٹیشنز اور چوکیوں کی تعمیر کے منصوبوں پر مجموعی طور پر 52 کروڑ روپے خرچ ہوں گے جبکہ تمام تعمیراتی کام تین سال میں مکمل کیے جائیں گے۔ پولیس حکام کے مطابق لاہور کے مصری شاہ تھانے سمیت گوجرانوالہ، فیصل آباد اور ملتان میں ایک ایک نئے تھانے کی عمارت تعمیر کرنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 49)



لاہور: محنت کش ہتھ ریڑھی پر پانی کی ٹینکی رکھے منزل کی جانب رواں ہے

پنجاب بھر میں 1560 ٹریفک حادثات میں 20 افراد جاں بحق، 1794 زخمی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1560 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 864 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 119 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (80 فیصد) (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 50)

طارق فضل چوہدری کا میجر وجاہت وحید شہید کو خراجِ عقیدت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے میجر وجاہت وحید شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے بہادری، عزم اور حب الوطنی کی لازوال مثال قائم کی۔ پیر کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ میجر وجاہت وحید شہید نے وطن کے دفاع اور فرض کی ادائیگی میں جان کا نذرانہ پیش کیا، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 51)

بریسٹ کینسر کے تدارک کے لئے متوازن غذا اور آگاہی ضروری ہے، پروفیسر ڈاکٹر محمد علی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے کہ بریسٹ کینسر کے تدارک کے لئے متوازن غذا کا استعمال، سادہ طرز زندگی اور آگاہی ضروری ہے۔ وہ پنجاب یونیورسٹی میں پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے الرازی ہال میں منعقدہ بریسٹ کینسر بارے آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ڈی جی حکمرا عائشہ منظور وٹو، ڈین فیکلٹی آف بیہوریل اینڈ سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر روبینہ ذاکر، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنک ربن پاکستان عمر آفتاب، ماہر بریسٹ کینسر ڈاکٹر گلناز، فوکل پرسن بریسٹ کینسر آگاہی مہم ڈاکٹر سونیا عمر، فیکلٹی ممبران اور طلباؤ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 52)

سہیل اقبال ہرڑ کی ڈسٹرکٹ بار صدارت میں کامیابی یقینی ہے، بیرسٹر رضوان سلہریا وکل

وکلاء کے حقوق کا تحفظ اور بار کی بہتری اولین ترجیح ہوگی، سہیل اقبال ہرڑ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) انٹرنیشنل لائرز کلب یو کے کے بانی و چیئرمین بیرسٹر رضوان سلہریا نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں امیدوار برائے صدر سہیل اقبال ہرڑ کی کامیابی یقینی ہے۔ سہیل اقبال ہرڑ وکلاء برادری کے مسائل کے حل، فلاح و بہبود اور بار کی بہتری کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انٹرنیشنل لائرز کلب یو کے کے بانی و چیئرمین بیرسٹر رضوان سلہریا اور ان کی ٹیم نے امیدوار برائے صدر سہیل اقبال ہرڑ کی بھرپور حمایت میں منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق صدر عاصم اقبال دیو، خواجہ محمد عرفان الحق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 55)



لاہور: ایک محنت کش غبارے اور کھلونے فروخت کرنے کے لئے سڑکوں پر پھیری لگا رہا ہے

پولیس کی ون ویلنگ کے خلاف کارروائی، 3 ملزمان گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں سندر پولیس نے ون ویلنگ اور شہریوں کو پریشان کرنے والے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان موٹر سائیکلوں پر ون ویلنگ کرتے، شور شرابا مچاتے اور شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بنتے تھے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت اویس، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 54)

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پیشرفت

ڈچ سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں اضافہ سے برآمدات، صنعتی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تعاون سے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں ڈچ کاروباری وفد نے ایس آئی ایف سی کا دورہ کیا، دورے کے دوران سیکرٹری ایکس کمیٹی ایس آئی ایف سی ڈاکٹر جہانزیب نے وفد کو ون ونڈو سہولت کاری اور سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ دی۔ ڈچ وفد کو کراچی انڈسٹریل پارک اور بن قاسم انڈسٹریل پارک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 53)

پنجاب کے 38 ہزار سرکاری سکولوں میں سالانہ سکول شماری 21 اکتوبر سے ہوگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب کے 38 ہزار سرکاری سکولوں میں تعلیمی سال 2026-27 کے لیے سالانہ سکول شماری 21 سے 31 اکتوبر تک کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں پروگرام مانیٹرنگ اینڈ امپلیمنٹیشن یونٹ (پی ایم آئی یو) نے آن لائن ترجیح سینٹرز کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ جاری شیڈول کے مطابق ماسٹر ٹرینرز کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 61)

لیسکو کی بجلی چوروں کیخلاف کارروائی، سنوکر کلب میں ڈائریکٹ سپلائی سے بجلی چوری پکڑی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ کی ہدایات پر بجلی چوری کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ایس ای فرسٹ سرکل مزمل حسین، ایکسین داتا دربار احمد فراز کی نگرانی میں ایس ڈی او شیرانوالہ گیٹ سب ڈویژن کی سربراہی میں ایک سنوکر کلب کی چیکنگ کے دوران مبینہ طور پر ڈائریکٹ سپلائی کے ذریعے بجلی چوری پکڑی گئی۔ ترجمان لیسکو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 62)

ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں مالی سال 2026-27 کیلئے 9.6 ارب روپے کے بجٹ کی منظوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور غزالی سلیم بٹ کی زیر صدارت بورڈ آف ڈائریکٹرز کا دوسرا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مینجنگ ڈائریکٹر ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید، ایڈیشنل منیجنگ ڈائریکٹرز اور محکمہ ہاؤسنگ، فنانس، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سمیت متعلقہ محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کے مختلف ڈائریکٹوریٹس سے متعلق امور اور ایجنڈا آئٹمز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مالی سال 2026-27 کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 63)

لاہور میں خلاف ورزی کرنے والے مزدا ڈرائیورز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

11 فیصد مہلک ٹریفک حادثات مزدا ڈرائیورز کی غفلت سے ہوئے، سی ٹی او لاہور کی ٹرانسپورٹرز وفد سے ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی سے پاکستان منی مزدا گڈز ایسوسی ایشن کے وفد نے شیر علی کی قیادت میں ملاقات کی، جس میں منی مزدا ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل، ناجائز چالانوں کی شکایات اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران منی مزدا ٹرانسپورٹرز نے اپنے مسائل اور تحفظات سے سی ٹی او لاہور کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر سید عبدالرحیم شیرازی کا کہنا تھا کہ ٹرانسپورٹرز کی جانب سے ناجائز چالانوں کی شکایات کا ازالہ کر دیا گیا ہے، جبکہ اب خلاف ورزی کرنے والوں کو چالان کے ساتھ اس کی وجوہات کے شواہد بھی بھجوائے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 58)

پشاور، رکشے میں بیٹھی دو بہنوں کا قتل، سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی

سی سی ٹی وی فوٹیج میں ایک ملزم کو رکشے کی جانب بھاگ کر آتے اور اس میں بیٹھی خواتین پر فائرنگ کرتے دیکھا جا سکتا ہے، رپورٹ

پشاور (سٹاف رپورٹر) پشاور کے علاقے یکہ توت میں رکشے پر فائرنگ کر کے دو خواتین کو قتل کرنے کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج تفتیشی ٹیم نے حاصل کر لی۔ پولیس کے مطابق دونوں خواتین آپس میں بہنیں تھیں، پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ روز تھانہ آغا میر جانی شاہ کی حدود گلدرہ روڈ پر پیش آیا جہاں نامعلوم ملزم نے رکشے میں بیٹھی خواتین پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دونوں خواتین موقع پر جاں بحق ہو گئیں۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ایک ملزم کو رکشے کی جانب بھاگ کر آتے اور اس میں بیٹھی خواتین پر فائرنگ کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ فائرنگ کے بعد ملزم فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے میں تیس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 59)

عبدالعلیم خان کا میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہارِ افسوس

شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں، وفاقی وزیر مواصلات و تعمیرات

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات و تعمیرات عبدالعلیم خان نے پنجی دھماکے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے شہید کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ناقابل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 60)



سائٹ ایریا میں گتے کی فیکٹری میں لگنے والی آگ پر قابو پانے کے لئے ریسکیو اہلکار کام میں مصروف ہے